اصحابِ رسول ﷺ کا رسول ﷺ سے برکت حاصل کرنا اور آپ کے فضلِ عظیم کا بیان

الموسوم بہ

تبرکاتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تالیف

علامہ محقق مؤرخ شیخ محمد طاہر بن عبدالقادر بن محمود الکردی المکی الخطاط

مترجم

استاذ العلماء مفتی محمود حسین شائق ہاشمی

مرکز اشاعت الاسلام فیضانِ نقشبند لاہور

اصحابِ رسول کا آثارِ رسول ﷺ سے برکت حاصل کرنا اور آپ کے فضل عظیم کا بیان الموسوم بہ

تبرکاتِ رسول ﷺ

تالیف

علامہ محقق مورخ شیخ محمد طاہر بن عبدالقادر بن الکردی المکی الخطاط

مترجم

استاذ العلما مفتی محمود حسین شائق ہاشمی

ناشر:۔ مرکز اشاعت اسلام فیضان نقشبند لاہور

marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

کتاب	تبرکات رسول صلی اللہ علیہ وسلم
مصنف	علامہ محمد طاہر مکی
مترجم	علامہ مولانا مفتی محمود حسین شائق ہاشمی
تعداد اشاعت	1100
کمپوزنگ	غلام عباس جماعتی، حافظ محمد لقمان زاہدی، حافظ محمد عرفان مجددی
قیمت	80 روپے
ملنے کا پتہ	مکتبہ مخدومیہ دربار شریف سوئیں حافظاں گوجرخان مکتبہ حق باہو، منگلا روڈ دینہ چوہدری پبلیکشر جی ٹی روڈ دینہ مرکزی جامع مسجد منگلا روڈ، اڈانکودر

marfat.com

پیش لفظ

الحمد الله و الصلوۃ علیٰ نبیه و علیٰ آله و اصحابه المتاد بین بآدابه   امابعد

عشق رسول ﷺ ایمان کی جان اور سرمایہ اہل ایمان ہے جن خوش نصیب اور سعادتمند انسانوں کو یہ دولت عطا کردی گئی وہ حسن و جمال مصطفےٰ ﷺ میں ایسے محو اور گم ہوئے کہ دنیاو مافیھا کی قدرومنزلت انکی نگاہ میں ہیچ ہوگئی۔

عاشقانِ رسول ﷺ کی ایک طویل فہرست ہے۔اور جہاں عشق کی جلوگری ہوتی ہے وہاں اس کا رنگ چھپائے بھی چھپ نہیں سکتا۔ عشق سیدنا ابوبکر صدیقؓ کا ہو یا حضرت سیدنا بلال حبشی کا، عشق حسانؓ بن ثابت کا ہو یا سیدنا اویس قرنیؒ کا عشق امام شافعی کا ہو یا علامہ جامی کا، رومی کا ہو یا رازی کا، عشق مجدد الف ثانی کا ہو یا امام احمد رضا کا، عشق حضور قمر الدین سیالوی کا ہو یا پیر کرم شاہ الازہری کا، عشق قاضی فتح اللہ صدیقی کا ہو یا حاجی مخدوم ابراھیم حاشمی کا، عشق کائنات کا ہو یا خالق کائنات کا، محبوب اور حبیب سب کا ایک ہی ہے۔

عاشقان رسول، رسول ﷺ سے اس قدر پیار کرتے ہیں کہ ہر لمحہ آپ کے ذکر میں رطب اللسان رہتے ہیں آپ کی ہر ادا کو اپنا کر قلبی سکون محسوس کرتے ہیں۔

ہر کہ عشق مصطفےٰ سامان اوست

بحر و بر در گوشۂ دامان اوست

اصحاب رسول کا عشق رسول مثالی تھا وہ رسول خدا ﷺ کے آبرو کے اشارے پر

marfat.com

جان قربان کرنے کو تیار رہتے ، ماں باپ اولاد اور اپنے جان سے زیادہ آپ سے محبت کرتے۔ آپ کی اتباع میں کبھی غفلت نہ کرتے آپ کے آثار اور تبرکات کی حفاظت زبردست احتیاط کے ساتھ کرتے۔

آپ کے دشمنوں سے آپ کی وجہ سے نفرت کرتے اور آپ کی ہر نسبت سے محبت کرتے۔ اصحاب رسول نے محبت رسول کے نئے باب رقم کئے۔ دین کی ترقی صحابہ کی وجہ سے ہوئی قرآن کی حفاظت صحابہ کی محنت سے، اسلام کا پرچم چار وانگ عالم لہرانے کا وسیلہ صحابہ کرام بنے ایثار و قربانی، ارکان اسلام، عقیدہ توحید و رسالت اور عقیدہ آخرت، جہاد کا اسلامی تصور، حدیث رسول اللہ ﷺ کی تدوین، اصحاب رسول ﷺ کی محنت شبانہ وروز کی باعث منصۂ شہود پہ آئے۔

اصحاب رسول نے رسول اللہ ﷺ کے آثار اور تبرکات کی حفاظت کے لئے جو غیر معمولی کردار ادا کیا یہ اسی کا فیضان ہے کہ آج برصغیر پاک و ہند میں جگہ جگہ سرکار مدینہ سرورِ قلب وسینہ ﷺ کے موئے مبارک، نعلین پاک، جبہ مبارکہ، دستار پاک اور دیگر آثار ملتے ہیں اور اہل عشق ان کی زیارت سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔

اللہ جزائے خیر عطا فرمائے حضرت علامہ محمد طاہر بن عبد القادر بن محمود السکر دی کو، جنہوں نے اس موضوع پر قلم اٹھایا اور حق یہ ہے کہ حق ادا کر دیا۔ آپ نے رسول کریم ﷺ کے آثار میں سے موئے مبارک اور نعلین پاک کے بارے خاص طور پر تفصیلی تذکرہ فرمایا مثلاً آپ نے وضاحت فرمائی کہ رسول اللہ ﷺ نے کم از کم کتنے نعلین پاک اپنی زندگی میں استعمال فرمائے۔ ان کی ساخت کیسی تھی ان کا طول و عرض کتنا تھا، اس کے تسمے اور قبال

marfat.com

کیسے تھے حتیٰ کہ آپ نے سرکار دو عالم ﷺ کے نعلین پاک کی چند تصاویر بھی تیار کر کے عاشقان رسول کے لئے افہام وتفہیم میں آسانی پیدا کر کے ان کے مضرابِ محبت میں ایک پیاری سی ضرب لگا کر سوز و ساز عشق اور تار محبت کو چھیڑ کر قلوب کے ماحول کو پر نور معطر اور معنبر بنا دیا۔

اسی طرح موئے مبارک کے بارے وضاحت فرمائی کہ رسول اللہ ﷺ نے خود اپنے بال مبارک حجامت کے بعد حضرت طلحہؓ کے ذریعے تقسیم فرمائے۔ جس کا مقصود یہی ہوسکتا ہے کہ آپ کی یادیں تازہ رہیں آپ کے نشان قائم رہیں۔ اور علامہ نے وضاحت فرمائی کہ سرکار دو عالم ﷺ کے موئے مبارک کی پہچان کا آسان طریقہ یہ ہے کہ دھوپ اور روشنی میں اس کا سایہ نہ ہوگا۔

علامہ محمد طاہر نے دلائل سے ثابت کیا کہ اصحاب رسول ﷺ آثار رسول ﷺ سے برکت حاصل کرنے کے قائل تھے۔ وہ آپ ﷺ کے سر، پاؤں اور ہاتھوں کا بوسہ لیا کرتے تھے۔

علامہ نے ان شہروں کا ذکر کیا جہاں آثار رسول ﷺ کی حفاظت کا اہتمام ہے۔

مصنف علامہ محمد طاہر کا تعارف

آپ بہت بڑے محقق اور تاریخ دان ہیں۔ آپ مکہ مکرمہ کے رہنے والے ہیں۔ آپ بہترین خطاط (کاتب) مشہور ہیں۔ آپ کو پہلی مرتبہ یہ سعادت حاصل ہوئی کہ آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا قرآن کریم مکہ معظمہ میں طبع ہوا جو کہ ''مصحف مکہ مکرمہ'' کے نام سے

marfat.com

مشہور ہے۔آپ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آپ نے بلاد عرب کا سب سے پہلے نقشہ تیار کیا۔ علامہ محمد طاہر کی تصانیف کی بہت بڑی تعداد ھے۔ (۱۷) سترہ کتب زیور طباعت سے آراستہ ہوکر مارکیٹ میں آچکی ہیں۔ چند ایک کے اسماء یہ ہیں۔

۱۔ تاریخ القرآن وغرائبه

۲۔ ابیات فی القهوه و الشای والدخان

۳۔ التفسیر المکی

٤۔ مختصر المصباح

٥۔ تحفة الحرمین

٦۔ الادعیة المختاره

۷۔ رساله فی انتقال رسول الله ﷺ

آپ نے اپنے رسالہ کا نام تبرک الصابہ بآثار رسول ﷺ تجویز فرمایا۔ یہ کتاب عربی زبان میں تھی۔اور برصغیر پاک وھند میں عوام کیلئے اس سے فائدہ اٹھانا ممکن نہ تھا۔خدا بھلا کرے عاشق رسول حضرت علامہ مولانا خادم حسین مان المعروف ابن کرم کا جنہوں نے استاذ العماء مفتی محمود حسین شائق ہاشمی سے اس کا عام فہم اردو ترجمہ کروانے میں اہم کردار ادا کیا۔

ترجمہ کی حسب ذیل خصوصیات ہیں

ترجمہ کی خصوصیات

ا۔ترجمہ عام فہم اور سادہ زبان میں کیا گیا ہے۔ ۲۔ مترجم نے کتاب کا حسن

marfat.com

دوبالا کرنے کے لئے عربی اشعار کا، اردو اشعار میں ہی ترجمہ کیا ہے۔ ۳۔ ترجمہ میں عشق ومحبت کی خوشبو مہکتی ہوئی محسوس کی جاسکتی ہے۔

یہ نہایت خوبصورت اردو ترجمہ تبرکات رسول کے نام سے شائع کیا جارہا ہے۔ اس کی اشاعت کے لئے جناب الحاج محمد سرور صاحب آف دینہ ضلع جہلم نے خصوصی تعاون فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی جناب میں دعا ہے کہ اصل کتاب کی طرح ترجمہ کو شرف قبولیت عطا کرے اور غلامان رسول کے عشق ومحبت میں اضافہ کا باعث بنائے۔ اور مصنف، مترجم، محرک اور جملہ معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے اور سب کو شفاعت رسول ﷺ سے نوازے۔

آمین ثم آمین

بجاہ سید المرسلین ﷺ

احقر **محمد ایوب** فاضل بھیرہ شریف

ایم اے اسلامیات، ایم اے عربی بی ایڈ

marfat.com

از قلم: علامہ مولانا خادم حسین مان المعروف ابن کرم

ترجمة المترجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جامع معقول ومنقول حضرت علامہ مفتی محمود حسین شائق ان چیدہ علماء حق میں سے ہیں جنہیں زندگی کے ایک ایک لمحہ کا احساس دامن گیر رہتا ہے۔ کہ ضائع نہ ہو جائے بلکہ دین مصطفی ﷺ کی ترویج واشاعت کیلئے کام آئے۔

بالائے سرش زہوشمندی　　　　می تافت ستارۂ بلندی

ولادت ۔ آپ ۵ مئی ۱۹۵۲ء پکا کھوہ داخلی سوئیں حافظاں تحصیل گوجرخان ہاشمی خاندان میں پیدا ہوئے بوقت ولادت آپ کی چچی صاحبہ جو آپ کی خوش دامن بھی ہیں قرآن پاک کا پندرھواں سپارہ تلاوت کر رہی تھیں اور آیہ کریمہ (عسی ان یبعثک ربک مقاماً محمودا۔) پر پہنچی تو بچے کی پیدائش کی اطلاع ملی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اس بچے کا نام محمود رکھ دیا ہے۔ آپ کے جدّ اعلیٰ علاقہ پوٹھوار کی عظیم شخصیت قطب الاقطاب ابوالحفاظ حافظ مخدوم ابراھیم قریشی ہاشمی المعروف باوا جی سرکارؒ ولی کامل ہیں جن کا مزار شریف سوئیں حافظاں میں مرجع خاص وعام ہے

marfat.com

بہن بھائی : آپ کے دو بھائی ہیں بڑے بھائی کا نام (حاجی رحیم داد ہاشمی) اور چھوٹے بھائی کا نام (ماسٹر محمد ایوب) ہے

تعلیم کا آغاز ۔ چھ سال کی عمر میں آپ کو گورنمنٹ پرائمری سکول بیول داخل کروایا گیا جہاں آپ نے دوسری جماعت تک تعلیم حاصل کی اور اس جماعت کے سالانہ امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے انعام حاصل کیا اس جماعت کے ٹیچر اس زمانہ میں ماسٹر آزاد صاحب تھے۔ جو کہ آستانہ عالیہ گھمکول شریف کے خلیفہ مجاز ہیں ۔۔۔

درس شریف گلہار میں داخلہ ۔ آپ کی والدہ صاحبہ کا تعلق کڑتی کوٹلی آزاد کشمیر سے تھا وہ حاجی بقا محمد (خلیفہ مجاز قاضی سلطان عالم رحمۃ اللہ علیہ) کی بھتیجی اور قاضی طیب حسین صاحب کی پھوپھی تھیں اس تعلق کی بنا پر قاضی طیب حسین صاحب نے اپنی پھوپھی کو کڑتی ۔ کوٹلی آزاد کشمیر سے ایک مکتوب ارسال کیا جس میں آپ سے کہا کہ آپ اپنے تین بیٹوں میں سے ایک کو دینی درس میں داخل کروائیں اور یہ بھی وضاحت کی کہ اگہار شریف میں پیر صاحب نے درس قائم کیا ہے ۔ اور نتائج سے آگاہ کیا کہ درس میں پڑھنے کے فوائد کیا حاصل ہونگے ۔

والدہ صاحبہ نے بڑے بیٹے رحیم داد ہاشمی کو کوٹلی آزاد کشمیر دینی تعلیم کے لئے بھیجنے کا پروگرام بنا لیا مگر آپ نے ضد کی کہ میں جاؤں گا بالآخر سحری کے وقت جب تجارتی پیدل

marfat.com

قافلہ سفر کا آغاز کرنے کو تھا آپ کو بھیجنے کا فیصلہ ہو گیا سچ ہے کہ

ایں سعادت بزور بازو نیست　　تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

تجارتی قافلے میں محمد شفیع قریشی (مرحوم) محمد عارف قریشی (مرحوم) اور عبدالخالق نمبردار تھے سہنسہ تک یہ تینوں آپکے ساتھ تھے سہنسہ میں سامان فروخت ہو گیا لہذا آپ کو محمد شفیع (مرحوم) کوٹلی لے گئے اور باقی دونوں ساتھی واپس آ گئے .... ۱۹۶۰ء کو آپ درس شریف اگھار (موجودہ نام جامع الفردوس گلہار شریف) میں داخل ہوئے یسرنا القرآن سے آغاز ہوا آپ درس سے صبح پڑھ کر واپس ماموں زاد بھائی طیب حسین کے گھر آ جاتے۔ ناظرہ قرآن پاک اٹھاراہواں پارہ پڑھ رہے تھے کہ حافظ محمد اعظم صاحب کی تحریک پر قرآن پاک حفظ کرنا شروع کر دیا جمعہ کی نماز سے شام تک سورۃ **والضحی** سے لیکر آخر تک ایک دن میں حفظ کر لیا دوسرے دن تیسواں سپارہ مکمل کر علاقے میں تہلکہ مچا دیا۔ تیسرے روز حضرت حاجی بقا محمدؒ نے دو روپے انعام دے کر کہا اگر ۲۹ واں پارہ ایک دن میں حفظ کر لو تو مزید دو روپے دوں گا چنانچہ آپ نے انعام جیت لیا۔ آپ نے محض اللہ کی عطا سے بچپن میں محنت کے بغیر کھیلتے کودتے ۱۰ ماہ کے قلیل عرصہ میں مکمل قرآن حکیم حفظ کر لیا۔ آپ کے حفظ اور ناظرہ کے استاذ گرامی صوفی باصفا، پیکر صدق و وفا استاذ ولی داد صاحبؒ ہیں۔ اس زمانہ میں جناب استاذ عبدالعزیز صاحب آف منڈی کوٹلی بھی درس آگھار میں مدرس تھے۔

بیعت:۔ دوران تعلیم بوقت سحری ایک دن دیگر چند ساتھیوں سمیت حضرت قبلہ پیر

marfat.com

صاحب چچوی دامت برکاتھم العالیہ نے بیعت فرما کر سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ سلطانیہ میں داخل ہونے کی سعادت سے بہرہ مند کر دیا۔ والحمد للہ علی ذلک

درس نظامی: ۱۹۶۳ء بحکم قبلہ پیر صاحب چچوی ۲۹ ساتھیوں کے ہمراہ آپ جامعہ امینیہ رضویہ محمد پورہ لائل پور (فیصل آباد) داخل ہوئے۔ قاری منظور احمد نعیمی (مرحوم) سے تجوید و قرات پڑھی قاری غلام رسول صاحب مدظلہ نے امتحان لیا نمایاں پوزیشن میں پاس ہوئے جامعہ امینیہ میں درس نظامی پڑھنے کا سلسلہ ۱۹۶۸ تک جاری رہا۔ آخری سال سبزی منڈی حافظ غلام نبی صاحب مدظلہ (شیخ الحدیث) کے پاس پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔ ۱۹۶۹ میں آپ جامعہ مظہریہ امدادیہ بندیال شریف چلے گئے وہاں صاحبزادہ عبدالحق صاحب اور علامہ عطا محمد بندیالوی سے دیگر طلبہ کے علاوہ پروفیسر عبدالرشید قمر (مرحوم) کے ساتھ قطبی، میر قطبی، رسالہ قطبیہ، ملاحسن، قاضی مبارک، میبذی، صدرا، ہدایہ، عبدالغفور اور دیگر مطولات پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔ ۱۹۷۱ء میں آپ نے جامعہ قادریہ فیصل آباد میں مفتی سید افضل حسین شاہ صاحب کے پاس دورہ حدیث پڑھ کر سند فراغت اور دستار فضیلت حاصل کی. اور اس کے فوراً بعد جامعہ قادریہ میں ہی تدریس کتب کا سلسلہ شروع کر دیا جو کہ ۱۹۷۵ تک جاری رہا۔ ۲۳ جون ۱۹۷۵ آپ بحکم قبلہ پیر صاحب فیصل آباد سے منگلا مرکزی جامع مسجد منگلا کالونی بطور امام خطیب آ گئے۔ سرکاری مسجد کی خطابت کے دوران آپ نے درس نظامی کی تدریس کا سلسلہ جاری رکھا

marfat.com

سکول کی تعلیم: آپ نے فیصل آباد میں پرائیویٹ طور پر میٹرک کا امتحان نمایاں پوزیشن میں پاس کیا منگلا آکر ایف۔اے بی۔اے کا امتحان دیا۔قاضی کورس پاس کیا۔

ذالك فضل الله يو تيه من يشآء

منگلا میں دینی خدمات: آپ نے منگلا میں قیام کے دوران حسب ذیل دینی کام سرانجام دیے

ناظرہ قرآن کی تعلیم: آپ نے ۳۰۰۰ سے زآئد جوانوں، بوڑھوں، بچوں اور بچیوں کو مخصوص طریقہ کار سے ناظرہ قرآن پاک پڑھایا

حفظ قرآن کی تعلیم: آپ نے ۲۰ بچوں اور بچیوں کو قرآن مجید حفظ کروانے کی سعادت حاصل کی

درس نظامی: آپ نے ۲۵ طلباء کو مکمل درس نظامی پڑھایا

فاضل عربی: آپ نے ۱۱ طلباء اور ۳۰ طالبات کو فاضل عربی کا کورس پڑھایا اور سب امتحان میں کامیاب ہوئے

تفسیر قرآن (درس): آپ نے ایک مرتبہ مکمل قرآن پاک کا ۱۴ سال کے عرصہ میں تفسیر قرآن کے ساتھ درس مکمل کیا

درس مشکوٰۃ شریف: آپ نے پوری مشکوٰۃ شریف کا درس ۸ سال میں مکمل کیا

marfat.com

تبلیغی خدمات ۔ آپ نے منگلا کی تقریباً ہر مسجد میں بمعہ قافلہ جا کر اللہ اور اس کے رسول کا پیغام فی سبیل اللہ پہنچایا

فتنہ کی سرکوبی: آپ نے منگلا میں کسی مذہبی منافرت پر مبنی فتنہ کو پنپنے نہ دیا۔ عدالت اور دیگر پرامن ذرائع سے ہر فتنہ کی سرکوبی کی

بیرون ملک تبلیغی خدمات: آپ نے دو مرتبہ برطانیہ اور دو مرتبہ امریکہ کا کامیاب تبلیغی دورہ کیا جن کے دوران چھ غیر مسلم مرد و زن کو حلقہ بگوش اسلام کیا۔

آپ کے فتاویٰ: لاہور سے قاضی کورس کی سند حاصل کرنے کے بعد آپ نے باقاعدہ فتویٰ نویسی کا کام شروع کیا اس وقت تک بارہ ہزار سے زائد آپ شرعی فتاویٰ جاری کر چکے ہیں جو کہ عبادات، معاشرت، معاشیات، مناکحات، اور سیاسیات کے علاوہ وراثت سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم وراثت اور علم فقہ میں اللہ نے آپ کو خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے۔ آپ کا ہر فتویٰ، قرآن و سنت، اجماع امت اور قیاس صحیح پر مبنی ہوتا ہے۔ عرف عام، عموم بلویٰ اور زمانہ کی نبض پر اس کی خاص گرفت ہوتی ہے۔ آپ نے فتویٰ نویسی میں کبھی شخصیت پرستی کا اظہار نہ کیا بلکہ

آئین جواں مرداں حق گوئی و بے باکی۔

اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

کا ہمیشہ اظہار فرمایا بعض نا عاقبت اندیش دین فروش ملاؤں نے آپ کی حق گوئی کے

marfat.com

خلاف واویلا بھی کیا اور بے بنیاد پروپیگنڈہ بھی کیا مگر خسر الدنیا والآخرۃ کے مصداق ٹھرے آپ نے ہمیشہ اقبال کی زبان میں ایک ہی بات کہی

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

آپ کے اساتذہ: مذکورہ اساتذہ کے علاوہ آپ کے اساتذہ میں فقیہ عصر علامہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد امین دامت برکاتھم العالیہ فیصل آباد کا اسم گرامی بھی ہے۔ جنہوں نے دوران تعلیم آپ پر خصوصی نظر شفقت رکھی۔ آپ کے اساتذہ میں حضرت مولانا نذیر احمد صاحب نقشبندی مجددی" کالا دے جہلم، مولانا حافظ عبداللطیف صاحب مدظلہ جامعہ نعیمیہ لاہور مولانا مفتی عبدالعلیم صاحب مدظلہ کالا دے جہلم شامل ہیں

آپ کے تلامذہ:۔ آپ کو تدریس کرتے ہوے ۳۲ سال گزر چکے ہیں بے شمار طلبا و طالبات آپ سے اکتساب علم کر چکے ہیں آپ کے چند مشہور تلامذہ کے اسماء حسب ذیل ہیں

۱۔ مولانا غلام مصطفیٰ سلطانی صاحب خطیب جامع مسجد ایوب آباد نکودر جہلم
۲۔ مولانا حافظ محمد عرفان ہاشمی خطیب سوئیں حافظاں تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی
۳۔ مولانا محمد ضیاء الحق ستی خطیب نکودر ضلع جہلم
۴۔ مولانا احتشام الحق قریشی خطیب جامع مسجد سورکھی ڈڈیال آزاد کشمیر

marfat.com

۵۔مولانا جمشید اختر ٹربائن آپریٹر رسول ضلع گجرات

۶۔مولانا سید منظر حسین شاہ صاحب سینئر انجینئر واپڈا ہاؤس لاہور

۷۔مولانا قاری عبدالرشید صاحب خطیب باراں دری لاہور

۸۔مولانا غلام مصطفےٰ تبسم خطیب خانیوال

۹۔حافظ محمد مہربان ہاشمی بیول ضلع راولپنڈی

۱۰۔مولانا حاکم علی برکاتی سب انجینئر پاور سٹیشن منگلا

۱۱۔مولانا محمد صغیر حق باہو کتب خانہ دینہ

۱۲۔مولانا حافظ محمد رفیق سکاسن ضلع بھمبر

۱۳۔مولانا حافظ عبدالرشید کھوئی رٹہ آزاد کشمیر

۱۴۔مولانا سہیل اسلم کیلی فورنیا امریکہ

۱۵۔مولانا حافظ مسعود طاہر لندن یو۔کے

۱۶۔حافظ تجارب ھیکمنڈ وائک یو۔کے

۱۷۔مولانا حافظ محمد یونس ساوتھ ہال یو۔کے

۱۸۔مولانا محمد انور قمر برمنگھم یو۔کے

۱۹۔قاری حافظ محمد محبوب لوٹن یو۔کے

۲۰۔حافظ مولانا فیض عالم لوٹن یو۔کے

۲۱۔مولانا حافظ محمد راسب اولڈھم یو۔کے

۲۲۔مولانا قاری محمد ولائت گیلانوی خطیب بلال مسجد دینہ

marfat.com

۲۳۔ مولانا منور حسین پنڈ جاٹا دینہ

۲۴۔ قاری منور حسین نوشاہی چک سواری آزاد کشمیر

۲۵۔ سید مبارک حسین شاہ راولاکوٹ آزاد کشمیر

تصانیف۔

۱۔ مقام مصطفیٰ (چھ تقریروں کا مجموعہ)

۲۔ طریقت کے نیر اعظم (مجدد الف ثانیؒ کی سوانح حیات)

۳۔ شاہراہ اسلام (اسلامی زندگی کے اصول)

۴۔ انوار علم (علم کے فضائل)

۵۔ فضائل رمضان

۶۔ فضائل جہاد

۷۔ شرعی فتویٰ (حق لا الہ الا اللہ یا محمد سرور صل علیٰ پڑھنے کا جواز)

۸۔ انوار کنز الایمان (ترجمہ امام رضا کی خوبیاں)

۹۔ محفل میلاد النبی ﷺ ترجمہ

ان کے علاوہ پانچ جلدوں میں تفسیر سلطانی کا مسودہ آپ لکھ چکے ہیں جسکی پہلی جلد انشاء اللہ جلد منظر عام پر آرہی ہے یہ عام فہم تفسیر انشاء اللہ آپ کو تمام تفاسیر سے بے نیاز کردے گی

زیارت رسول ﷺ آپ کو دو مرتبہ خواب میں رسول کریم ﷺ کی زیارت

marfat.com

نصیب ہوئی ایک دفعہ جامعہ امینیہ محمد پورہ فیصل آباد میں دوسری دفعہ منگلا میں

آپ کی اولاد: آپ کی دو بیٹیاں اور تین بیٹے ہیں اور الحمد للہ ثم الحمد للہ تینوں بیٹے حافظ قرآن ہیں اور بڑا بیٹا مکمل سند یافتہ عالم دین ہے۔

آبائی علاقہ میں دین کی خدمات: حضرت مترجم نے ۲۰۰۰ء میں اپنے آبائی علاقہ پوٹھوہار سوئیں حافظاں میں اپنے جد اعلیٰ کے مزار شریف کے متصل آپ سے منسوب مخدومیہ اسلامک اکیڈمی قائم کر کے علاقہ میں علم دین کی اشاعت کا آغاز کر دیا۔ آپ نے دربار شریف کی مسجد کو جامع بنایا۔ مدرسہ کی دو منزلہ عمارت تعمیر کی۔ کنواں کھدوایا بیول کلر روڈ پر بہشتی دروازہ بنا کر علم دین کی طرف لوگوں کو متوجہ کر دیا۔ آپکے مدرسہ سے ۳ طلبا نے حفظ قرآن کی سعادت حاصل کی ۳ طلبا نے اور ۳ طالبات نے فاضل عربی کا امتحان پاس کیا اور سینکڑوں طلبا اور طالبات نے ناظرہ قرآن پاک پڑھنے کی سعادت حاصل کر لی ہے

خادم دین

خادم حسین مان (ابن کرم)

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین و الصلوۃ والسلام علیٰ خاتم الانبیا

والمرسلین و علیٰ الہٖ و اصحابہ اجمعین ...... و بعد یہ نہائت عمدہ رسالہ ہے جو اپنے موضوع میں کامل ہے۔ اہل ایمان کے قلوب کے لئے شفا بخش۔ اسمیں آثار سول ﷺ سے اصحاب رسول کے تبرک پکڑنے کے بارے میں کافی تعداد میں حادیث صحیحہ جمع کردی ہیں۔ ساتھ ہی اس موضوع پر آمدہ قرآنی آیات بھی جمع کردی ہیں۔ آپ ﷺ کے فضل عظیم کو ظاہر کرنے کی غرض سے آپ کے ذکر کو بلند کرنے اور آپ کے بلند مرتبہ کو بیان کرنے کے لئے۔ ہاں! یہ کام کیسے نہ کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو عالمین سے افضل بنایا آپ پر سلسلہ نبوت ورسالت کو مکمل کردیا آپ کو مقام محمود سے روز قیامت نوازنے کا وعدہ فرمایا آپ کی وجہ سے آپ کی امت کو پہلی تمام امتوں کا سردار بنایا .یہ کام اس امید پر کررہا ہوں کہ مولیٰ کریم اُس خوش نصیب کو اس سے نفع دے جو اسے قلب سلیم کے ساتھ پڑھے اور مجھے اس پر ثواب عطا کرے حتیٰ کہ مجھے اپنے پیارے حبیب ﷺ کے جوار میں جنت کے اندر جگہ عطا کرے .اور یہ بہت بڑی سعادت اور کامیابی ہے۔ بے شک اللہ بہت بڑا سخی ہے جو مانگو عطا فرماتا ہے........

اے میرے بھائی حقیقت اچھی طرح سمجھ لے (اللہ تعالیٰ تیری رہنمائی فرمائے) انبیائے کرام صلوٰۃ اللہ سلامہ علیھم اجمعین کے آثار سے برکت حاصل کرنا اہل ایماں کے

marfat.com

ہاں قدیم زمانہ سے چلا آرہا ہے کیونکہ انبیاء کرام کوتمام لوگوں پر فضل و کرامت بارگاہ خداوندی میں حاصل ہے.. مروی ہے کہ عباسی خلیفہ متقی باللہ ابراھیم بن المقتدر کے عہد حکومت میں رومی بادشاہ نے ایک مکتوب بھیجا جسمیں اس رومال کے بارے درخواست تھی جو کسینہ رھبان میں محفوظ تھا اور عیسائی یہ گمان رکھتے تھے کہ اس رومال کے ساتھ حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے اپنا چہرہ صاف کیا تھا اور اس رومال میں آپ کے چہرے کی تصویر پیدا ہوگئی تھی ۔۔ زوبی بادشاہ نے عباسی خلیفہ کو اپنے مکتوب میں لکھا کہ اگر آپ یہ رومال مجھے عطا کردیں تو اس کے بدلے میں دس ہزار مسلمان قیدی رہا کردوں گا۔۔ خلیفہ نے فقہا کو طلب کیا اور ان سے فتویٰ طلب کیا انہوں نے فتویٰ دیا کہ رومال دے دو۔۔ چنانچہ خلیفہ نے وہ متبرک رومال دے دیا اور مسلمانوں کی اتنی بڑی تعداد کو قید سے رہا کروالیا۔ (تاریخ الخمیس)

اسمیں شک نہیں کہ رسول ﷺ اللہ کی مخلوق میں سے چنئے ہوئے ہیں۔ انبیاء سے افضل ہیں۔ آپ کا وجود زیادہ ثابت، آپ کا ذکر زیادہ مشہور، آپکی برکت زیادہ ظاہر، پس آپ کے آثار سے برکت حاصل کرنا بطریق اولیٰ ہونا چاہئیے اور آپ اس کے زیادہ لائق ہیں۔ اصحابِ رسول ﷺ کے جمِ غفیر نے شہادت دی اور انہوں نے آثار رسول ﷺ سے برکت حاصل کرنے پر اجماع کیا اور آثارِ رسول ﷺ کو جمع کرنے کا پورا پورا اہتمام فرمایا اور واضح رہے کہ اصحابِ رسول ﷺ ہمارے ھادی اور پیشوا ہیں۔ انہوں نے رسول خدا ﷺ کے موئے مبارک اور وضو سے بچے ہوئے پانی کو تبرک سمجھا آپ کے پسینے، آپ کے کپڑوں، آپ کے برتنوں، سے برکت حاصل کی آپ کے جسم اطہر کو مس کر کے انہوں

marfat.com

نے برکت حاصل کی۔اس کے علاوہ دیگر کئی آثار سے انہوں نے برکتیں حاصل کیں جن کے بارے بزرگوں سے آحادیث منقول ہیں اور درجہ صحت تک پہنچی ہیں ۔ جب آثار رسول ﷺ سے برکت حاصل کرنے کا عمل اختیار کیا تو انکی پیروی تابعین اور صالح مؤمنین نے کی بعض آثار رسول ﷺ سے برکت حاصل کرنے کا عمل حضور علیہ السلام کے عہدِ مبارک میں ہوا۔آپ نے انکار نہ فرمایا لہذا یہ آپ کی تقریر ہے جس نے قطعی دلالت کی کہ تبرک حاصل کرنا آپ کے آثار سے جائز ہے اگر یہ عمل مشروع اور جائز نہ ہوتا تو آپ ضرور منع کرتے اور ایسے عمل سے پرہیز کرنے کا حکم دیتے۔۔۔

جس طرح احادیث صحیحہ اور اجماع صحابہ اس عمل کے جواز پر دلالت کر رہے ہیں یہی احادیث اور اصحاب کا عمل انکی ایمانی قوت اور شدت محبت اور انکی سچی دوستی اور رسول کریم ﷺ کی پیروی کرنے پر دلالت کر رہی ہیں جیسا کہ کسی شاعر نے کہا

دیارِ سلمٰی سے جب میرا گزر ہوتا ہے
دیوار اور صاحبِ دیوار کے بوسے میں کب کوئی عذر ہوتا ہے
میرے دل میں گھیرا نہیں حبّ دیار کا
لیکن گھیرا ہے بالیقیں حبّ سردار کا

اس رسالہ میں قارئین کرام ایسے مخصوص واقعات واحادیث ملاحظہ کریں گے جو دلالت کرتے ہیں کہ آثار نبویہ سے اصحابِ رسول ﷺ اور تابعین تبرک پکڑتے تھے ان احادیث میں سے وہ حدیث ملاحظہ ہو جو غزوہ بدر کے حوالے سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ ایک چھڑی سے جو آپ کے دست مبارک میں تھی صفیں درست فرمارہے تھے اچانک

marfat.com

آپ کا گذر سوادؓ بن عزیہ (جو بنی نجار کے حلیف تھے) کے پاس سے ہوا وہ صف سے باہر نکلے ہوئے تھے آپ نے ان کے پیٹ میں چھڑی ماری اور فرمایا اے سواد سیدھا ہو جا حضرت سوادؓ نے کہا یا رسول اللہ آپ نے مجھے دردناک کر دیا حالانکہ آپ حق وعدل کے ساتھ بھیجے گئے ہیں آپ مجھے اس کا قصاص (بدلہ) دیں آپ ﷺ نے اپنے شکم مبارک سے کپڑا اٹھادیا فرمایا اے سواد بدلہ لے لو حضرت سوادؓ آپ کے جسم مبارک سے لپٹ گئے آپ کے شکم اطہر کا بوسہ لیا آپ ﷺ نے پوچھا اے سواد تجھے اس عمل پر کس چیز نے ابھارا۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ موت سامنے حاضر ہے میں نے چاہا کہ دنیا سے جاتے ہوئے میرا جسم آپکے جسم پاک سے مس کرے حضور ﷺ نے حضرت سوادؓ کو دعا دی۔

ذرا جائزہ لیں اس مضبوط عقیدہ کا اور عشق رسول کا جو اصحاب رسول کو حضور ﷺ کے ساتھ تھا۔ اصحاب رسول کو رسول اللہ ﷺ کی ذات سے محبت ابتداء ہی سے ہو گئی تھی کیونکہ آپ صفات عالیہ، شمائل حمیدہ، اور فضائل عظیمہ کے جامع تھے جن کا کچھ ذکر اس رسالہ کے آخر میں آئے گا (انشاء اللہ) ان خصائل اور صفات کی وجہ سے قریش کے دلوں میں آپ محبوب بن گئے تھے حتیٰ کہ عالم شباب میں وہ آپ کو (الامین) کا لقب دیتے تھے۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو ساری کائنات کے لیے مبعوث فرمایا تاکہ آپ دنیا کو اندھیروں سے نور کی طرف لائیں اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ معجزات سے نوازا تو اہل ایمان کی محبت میں اضافہ ہو گیا اور آپ کے ساتھ نسبت مزید مضبوط ہو گئی۔ ایسا کیوں نہ ہوتا جب آپ رسول خدا ہیں۔ آپ خلیل اللہ ہیں۔ آپ صفی اللہ ہیں۔ اصحاب کے قلوب میں آپ کی گہری محبت اور آپ کی بے پناہ تعظیم وتوقیر تھی۔ اسی واسطے جب قریش نے صلح حدیبیہ کے

marfat.com

موقعہ پر اپنا قاصد عروہ بن مسعود الثقفی (اہل طائف کے سردار) کو رسول پاک ﷺ کے پاس بھیجا اور عروہ نے اصحاب رسول ﷺ کے اس عمل کو دیکھا کہ جب آپ وضو فرماتے ہیں تو اصحاب ٹوٹ پڑتے ہیں اور آپ کے وضو کا مستعمل پانی چہروں پر ملتے ہیں اور جب آپ کے پاس گفتگو کرتے ہیں تو اپنی آوزیں پست کرتے ہیں اور آپ کی طرف تیز نظر نہیں کرتے۔

عروہ قریش کے پاس واپس آیا اس نے کہا اے قریش میں کسری کے پاس اس کے ملک میں گیا۔ میں قیصر کے پاس گیا میں نے کوئی بادشاہ اپنی قوم میں محمد کی مثل اپنے اصحاب میں نہ دیکھا۔ میں نے ایسے لوگ دیکھے ہیں جو اپنے نبی کو کسی صورت میں بھی تمہارے سپرد نہ کریں گے۔

لہذا سوچ لو۔ اگر تم سمجھو کہ اس پر حملہ کر سکو گے تو کر لو۔ میں تمہارا خیر خواہ ہوں البتہ وضاحت کر دیتا ہوں کہ تمہیں کامیابی حاصل نہ ہوگی۔

اصحاب نے آپ سے ایسی محبت کی ہے جو خالص اور سچی محبت ہے اور ہر زمانہ میں اہل ایمان نے بھی آپ سے ایسی ہی محبت کی ہے۔ اپنی جانوں، اپنی اولاد، اپنے مال سے زیادہ اور ہر محبوب شے پر آپ کو ترجیح دی ہے اور جو آپ کے آثار انہیں معلوم ہوئے ان سے بھی انہوں نے پیار کیا۔ ان کے پیار کا ذکر اس رسالہ میں ہوگا اس رسالہ میں چھ

marfat.com

فصلیں اور ایک خاتمہ ہے۔تا کہ قاری کو اس معاملہ میں بصیرت پیدا ہو جائے اور اس کے لئے نور علیٰ نور ہو جائے ہم اللہ سے ہدایت اور توفیق مانگتے ہیں ۔تا کہ صراط مستقیم پر ہم قائم رہیں ۔والحمد للہ رب العلمین و صلی اللہ علی سید نا محمد و الہ اجمعین

(کتبہ)

محمد طاھر بن عبدالقادر

السکر ددی المکی الخطاط مکہ مکرمہ

marfat.com

فصل اوّل

اصحاب رسول کا آثار رسول ﷺ سے تبرک حاصل کرنا

بلاشبہ رسول اللہ کے آثار شریفہ پر اصحاب رسول عاشق تھے او ... سے برکت حاصل کرتے تھے حتی کہ آپ کے اعضاء مبارکہ سے جب وضو بنات ... جو پانی کے قط ... گرتے انھیں حاصل کرنے لئے ٹوٹ پڑتے ... پ ﷺ اپ ... حاب کا یہ عمل ملاحظہ فرماتے اور خاموش تائید فرماتے پس یہ ... ں ہے کہ آپ کے ... ثار سے تبرک حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

بخاری اور مسلم نے ابوموسی الاشعری رضی اللہ عنہ نے روایت بیان کی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا جبکہ آپ جعرانہ میں جلوہ افروز تھے (جو کہ مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے) آپ کے پاس حضرت بلالؓ بھی تھے۔ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک اعرابی آیا۔ اس نے کہا کیا آپ نے جو مجھ سے وعدہ فرمایا اسے پورا نہ کریں گے آپ نے فرمایا تجھے بشارت ہو اس نے کہا آپ نے مجھے بشارت کئی بار کہا۔ آپ ابو موسیٰ اور بلال کی طرف متوجہ ہوئے معلوم ہو رہا تھا کہ آپ غضبناک ہیں فرمایا اس نے بشارت کو رد کر دیا ہے تم آؤ فرماتے ہیں ہم دونوں متوجہ ہوئے آپ نے پانی کا پیالہ منگوایا اسمیں ہاتھ منہ دھوئے اور اس میں لعاب ڈالا پھر فرمایا یہ پانی پیو اپنے چہروں اور اپنے

marfat.com

حلق پر ملو اور تمھیں بشارت ہو دونوں نے پیالہ پکڑا اور ارشاد رسول ﷺ پر عمل کیا ام المومنین ام سلمیٰ نے یہ منظر دیکھا تو پردے کے پیچھے سے آواز دیا اپنی ماں کیلئے کچھ پانی بچا؛ انھوں نے کچھ پانی آپ کیلئے بچایا اور آپ کی خدمت میں پیش کیا (بخاری کتاب مغازی فی غزوۃ طائف، مسلم شریف فضائل صحابہ باب فضائل ابوموسیٰ)

ایسے ہی صحابہ کرامؓ آپ کی رینٹھ، آپ کے وضو کے بچے ہوئے پانی، آپ کے موئے مبارک، آپکے پیالے سے برکت حاصل کرتے جسمیں آپ پانی نوش فرماتے اور آپ کے برتنوں سے

بخاری شریف کتاب الشروط قصہ صلح حدیبیہ میں صحابہ کرام آپ کی رینٹھ کو لیتے اپنے چہروں اور جسموں پر ملتے اور جب آپ وضو کرتے تو صحابہ ٹوٹ پڑتے آپ کے اعضاء پر استعمال ہونے والے پانی کو حاصل کرنے کیلئے امام بخاری نے اپنی صحیح بخاری باب خاتم النبوت میں جشید بن عبدالرحمان سے روایت کی انھوں نے فرمایا میں نے سائب بن یزید کو سنا انہوں نے کہا میری خالہ مجھے بارگاہ رسول ﷺ میں لی گئی اور عرض کیا حضور یہ میری بہن کا بیٹا ہے جو گر گیا ہے آپ نے میرے سر پر ہاتھ رکھا اور میرے لئے برکت کی دعا کی اور آپ نے وضو بنایا میں نے مستعمل پانی پی لیا۔ اس روایت میں محل استدلال صحابی کا یہ جملہ ہے کہ میں نے آپ کے وضو کا پانی پی لیا۔

بخاری نے باب صفۃ النبی ﷺ میں ابو جحیفہ وھب بن عبداللہ الشوائی سے روایت کیا انہوں نے کہا صحابہ کھڑے ہو جاتے، آپ کے مبارک ہاتھوں کو پکڑتے اور اپنے چہروں پر ملتے، فرماتے ہیں میں نے آپ کا دست مبارک پکڑا اور اپنے چہرے پر رکھا

marfat.com

اچانک محسوس ہوا کہ آپ کا ہاتھ مبارک برف سے زیادہ ٹھنڈا اور کستوری سے زیادہ خوشبو دار ہے۔

بخاری نے باب صفۃ النبی ﷺ میں ابو جحیفہ مذکور کے حوالے سے یہ بھی روایت کی کہ انہوں نے کہا۔ میں حضور ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا جبکہ آپ ابطح کے اندر قبہ میں تھے اور دوپہر کا وقت تھا بلال نکلے اذان پڑھی پھر قبہ میں داخل ہوئے رسول اللہ ﷺ کے وضو سے بچا ہوا پانی لے کر آئے لوگ ان پر ٹوٹ پڑے پانی حاصل کرنے کیلئے اصحاب رسول ﷺ آپکا مستعمل پانی برتن میں جمع کیا کرتے تھے برکت حاصل کرنے کیلئے کیونکہ اس پانی نے جسد پاک کو مس کیا ہوتا۔ یہ حدیث بخاری نے کتاب الوضو باب استعمال فضل وضوء الناس میں بھی ذکر کی ہے۔

بخاری نے کتاب اللباس باب القبة الحمراء من الادم میں ابو جحیفہ کی یہ حدیث بھی نقل فرمائی ہے، آپ فرماتے ہیں کہ میں آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا جب کہ آپ چمڑے کے سرخ قبہ میں تھے میں نے دیکھا کہ بلال حضو ﷺ کے وضو کا کچھ پانی لائے لوگ ٹوٹ پڑے جسے مل گیا اس نے چہرے پر مل لیا جسے نہ ملا اس نے ساتھی کے ہاتھ سے لے لیا یہ بھی ابو جحیفہ کی مروی پہلی روایت کے مطابق ہے۔ امام بخاری نے کتاب الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ الیٰ العنزہ و باب السترۃ بمکہ میں بھی نقل فرمائی ہے۔ صحیح حدیث میں ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ جب سر منڈواتے اپنے موئے مبارک بعض اصحاب کو عطا فرماتے خاص طور حضرت ابو طلحہ کو تا کہ وہ اصحاب میں تبرک کیلئے تقسیم کر دیں۔

marfat.com

بخاری نے انس بن مالکؓ سے روایت کی ہے بے شک رسول اللہ ﷺ نے جب سر منڈوایا تو ابوطلحہ پہلے شخص تھے جنہوں نے سرکار کے بال مبارک حاصل کئے۔

ابوعوانہ نے اپنی صحیح میں تخریج کی اس کے لفظ یہ ہیں، بے شک رسول اللہ ﷺ نے حلاق کو حکم دیا اس نے آپ ﷺ کا سر مبارک مونڈا آپ نے داہنی طرف کا حصہ ابوطلحہ کو دے دیا پھر اس نے بائیں طرف کو مونڈا تو آپ نے لوگوں میں تقسیم کرنے کا ابوطلحہ کو حکم دیا۔

مسلم نے ابوعیینہ سے انہوں نے ھشام بن حسان سے انہوں نے ابن سیرین سے کہا جس کے لفظ یہ ہیں۔ جب آپ نے جمرہ کو رمی کی اور اپنی قربانیوں کو نحر کیا حلاق کو داہنی جانب دی اس نے حلق کر دیا پھر ابوطلحہ کو بلایا اور بال مبارک انہیں عطا کر دئے پھر حلاق کو بائیں جانب عطا کی اس نے حلق کر دیا تو بال مبارک ابوطلحہ کو دے کر فرمایا یہ لوگوں میں تقسیم کر دو۔۔

امام مسلم نے حفص بن غیاث کی روایت بھی ذکر فرمائی ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ نے داہنی جانب کے بال ان لوگوں میں تقسیم کئے جو آپ کی داہنی جانب تھے۔ ایک روایت میں یہ لفظ ہیں کہ آپ نے لوگوں میں ایک ایک دو دو بال تقسیم فرمائے اور بائیں جانب کے بال ام المومنین ام سلیم کو عطا کر دیئے اور ایک روایت میں ہے کہ ابوطلحہ کو دے دیئے۔ اگر اعتراض کیا جائے کہ ان روایات میں تعارض ہے تو جواب یہ ہے کہ کوئی تعارض نہیں اس لئے روایات میں تطبیق یوں دی جا سکتی ہے کہ آپ نے پہلے دونوں جانبوں کے موئے مبارک ابوطلحہ کو دے دیئے ہوں پھر انہیں حکم دیا دائیں جانب والے لوگوں میں تقسیم کر دے اور بائیں جانب والے ام سلیم کو دے دے۔ احمد نے یہ لفظ زائد کئے کہ ابوطلحہ نے کہا تھا

marfat.com

کہ ہم اسے خوشبو میں ڈالیں گے تو آپ نے حکم دیا کہ موئے مبارک لوگوں میں تقسیم کردو لہذا اصحاب رسول ﷺ کی ایک دو بال کے لئے تمنا کرنا، اقوی دلیل ہے کہ اصحاب رسول ﷺ میں آپ کے آثار سے تبرک حاصل کرنا شائع اور عام تھا اور وہ اس کا عام اقرار کرتے تھے اس کا انکار صرف وہ کرسکتا ہے جس کے دل کو ایمان کی چاشنی ابھی تک نصیب نہیں ہوئی انتھی

تاریخ الخمیس اور منہاج النووی میں ہے کہ

رسول پاک ﷺ منیٰ میں حجۃ الوداع کے موقعہ پر تشریف لائے پھر جمرہ پر تشریف لائے اور تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ رمی فرمائی پھر منیٰ میں اپنی منزل پر تشریف لائے پھر حلاق کو داہنی جانب اشارہ کر کے فرمایا یہ لے لو پھر بائیں جانب پھر لوگوں کو عطا کرنے شروع کر دیے۔۔۔۔

کرمانی کی کتاب مناسک میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے جب جمرہ عقبہ کو رمی کر لی تو آپ منیٰ میں اپنی منزل پر تشریف لائے پھر جانور قربانی کے طلب فرمائے وہ ذبح کئے پھر حلاق کو بلایا اسے داہنی جانب عطا کی اس نے بال مونڈ دیے پھر ابو طلحہ کو عطا کئے تا کہ وہ لوگوں میں تقسیم کر دے پھر حلاق کو بائیں جانب دی اس نے بال مونڈ دیے پھر ابو طلحہ کو دیے تا کہ وہ لوگوں میں تقسیم کر دے۔

کہا گیا ہے کہ خالد بن ولید کو آپ کی پیشانی کے کچھ بال مبارک حاصل ہوئے۔

شفا میں ہے کہ حضرت خالد کی ٹوپی میں حضور ﷺ کے بالوں میں سے چند بال تھے۔ خالد جس جنگ میں جاتے ان بالوں کی برکت سے فتح نصیب ہوتی۔ انتھی من تاریخ الخمیس

marfat.com

بخاری میں کتاب الوضوء باب الماء الذی یغسل به شعر الانسان کے تحت ابن سیرینؒ کی روایت منقول ہے کہ میں نے عبیدہ سے کہا ہمارے پاس نبی ﷺ کا موئے مبارک ہے جو ہمیں حضرت انسؓ کی طرف سے یا حضرت انسؓ کے اھل خانہ کی طرف سے حاصل ہوا ہے تو عبیدہ نے کہا میرے پاس نبی کریم ﷺ کا ایک موئے مبارک ہونا مجھے دنیا و مافیھا سے زیادہ محبوب ہے۔ بخاری شریف میں یہی الفاظ ہیں۔ اسماعیلی کی تخریج میں ہے کہ مجھے ایک موئے مبارک ہر نیلے اور سفید سے زیادہ محبوب ہے۔

حضور ﷺ کے موئے مبارک اور ہر وہ شی جس نے آپ کے جسم اطہر سے مس کیا اصحاب رسول ﷺ اسے متبرک سمجھتے تھے ان میں سے حضرت خالد بن ولید کا عمل مبارک بھی ہے کہ آپ نے اپنی ٹوپی میں سرور کونین ﷺ کے موئے مبارک کچھ رکھے ہوئے تھے اور جنگ میں اس ٹوپی کے ساتھ شامل ہوتے اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے موئے مبارک کی برکت سے فتح عطا فرما دیتا۔ جنگ یمامہ میں جب ٹوپی آپ کے سر سے گر گئی تو آپ اس کی تلاش میں مصروف ہو گئے حتیٰ کہ آپ نے ٹوپی کو اٹھالیا بعض اصحابؓ نے آپ کے اس عمل کو ناپسند کیا کہ خالد نے ٹوپی کے لئے اپنی جان کو خطرے میں ڈال دیا جس ٹوپی کی کوئی قیمت اور حیثیت نہیں تو خالد بن ولیدؓ نے بتایا کہ میں نے ٹوپی کے لئے نہیں کیا۔ بلکہ اسلئے کیا کہ کہیں ٹوپی مشرکین کے ہاتھوں نہ لگ جائے جس ٹوپی میں میرے پیارے نبی کریم ﷺ کے موئے مبارک ھیں تو اصحاب رسول ﷺ مطمئن ہو گئے اور انہوں نے حضرت خالد بن ولید کی مدح سرائی فرمائی۔

بخاری نے کتاب اللباس باب مایذکر فی الشیب میں اسرائیل بن یوسف

marfat.com

سے روایت کی انہوں نے عثمان بن عبداللہ بن وہب آل طلحہ کے غلام سے روایت کی انہوں نے فرمایا مجھے میرے گھر والوں نے ام سلمہ زوجہ نبی ﷺ کے پاس بھیجا پانی کا پیالہ دے کر (اور اسرائیل نے تین انگلیاں اکٹھی کرلیں) چاندی کا پیالہ جس میں نبی ﷺ کے بالوں میں سے کچھ بال تھے صورتحال یہ تھی کہ جس کسی انسان کو نظر لگ جاتی یا کوئی مرض عارض ہوتا وہ ام سلمہ کو بڑا لگن بھیجتا۔ میں نے دیکھا کہ ڈبیا میں سرخ رنگ کے بال مبارک ہیں۔ حدیث پاک میں یہ جملہ کہ :اسرائیل نے تین انگلیوں کو اکٹھا کیا:اس سے اشارہ ہے کہ پیالہ چھوٹا تھا کرمانی نے کہا کہ اسمیں اشارہ ہے کہ عثمان مذکور نے ام سلمٰی کے پاس کئی بار بھیجا۔من فضۃ (چاندی سے) یہ پیالے کی جنس کو واضح کرتا ہے۔ حمیدی نے جمع بین الصحیحین میں یہ ضبط ذکر کیا ہے۔ابن حجر نے یونہی نقل کیا ہے۔فیہ سے مراد پیالہ ہے مخضبہ یہ بھی برتن ہے۔ جلجل یہ گھنٹی کے مشابہ ہے جو سونے چاندی اور تانبے سے بنائی جاتی ہے، جس شئی کی حفاظت مقصود ہو وہ اسمیں رکھی جاتی ہے۔ یہ حدیث پاک ابن ماجہ نے بھی کتاب اللباس میں نقل کی ہے۔ فتح الباری میں فرمایا کہ مراد یہ ہے کہ جس شخص کو کوئی تکلیف ہوتی وہ اپنا برتن ام سلمٰیؓ کے پاس بھیجتا آپ اس برتن میں وہ موئے مبارک ڈال دیتیں انہیں اس برتن میں دھوڈالتیں اس عمل کا اعادہ کرتیں برتن والا اس پانی کو پی لیتا یا غسل کرلیتا موئے مبارک کی برکت سے اسے شفا حاصل ہو جاتی۔

قسطلانی نے فرمایا اس حدیث پاک کا خلاصہ معنی یہ کہ سیدہ ام سلمٰیؓ کے پاس کچھ سرخ رنگ کے بال تھے آپ ان بالوں کو برکت کے لئے کسی ڈبی میں ڈال دیتیں لوگ بیمار یوں سے شفا حاصل کرتے کبھی ان بالوں کو پانی کے پیالے میں ڈال دیتیں اور لوگ اس

marfat.com

سے پانی پی لیتے کبھی بوڑھے برتن مس ایک ڈبی میں ڈال کر رکھ دیتیں لوگ پانی میں بیٹھ جاتے صحابہ کرامؓ کا یہی طریقہ تھا۔۔

کتاب: زادالمسلم ؛ جلد پانچ میں حضرت ابوایوب انصاریؓ کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے جو اس حدیث کے راوی ہیں جو صحیحین میں ہے کہ یہود کو قبور میں عذاب ہوتا ہے اور سعید بن میتب سے مروی ہے کہ ابوایوب نے سرکار دو عالم ﷺ کی ریش مبارک سے کچھ موئے مبارک لے لئے تو سرکار ﷺ نے فرمایا اے ابوایوب تجھے کوئی برائی نہ پہنچے گی۔ اسمیں یہ بھی ہے کہ ابن سکن نے صفوان بن ہبیرہ سے انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی کہ ثابت بنائی نے کہا کہ مجھے انس بن مالک نے فرمایا یہ رسول اللہ ﷺ کے بالوں میں سے کچھ بال ہیں انہیں میری زبان کے نیچے رکھ دینا میں نے آپ کی وصیت پر عمل کیا اور آپ کی زبان کے نیچے رکھ دئے چنانچہ آپ مدفون ہوئے اس حال میں کہ وہ آپ کی زبان کے نیچے تھے۔۔

ابو بکر بن شیبہ اور ابن ابی عاصم نے ابوالخیر سے انہوں نے ابورھم سے انہوں نے ابوایوبؓ سے وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ آپ مجھے کھانا بھیجتے تھے تو آپ دیکھیں میں اپنی انگلیاں رکھتا ہوں جہاں آپ کی انگلیوں کے نشان دیکھتا ہوں فرمایا ہاں اسمیں پیاز ہے اور ملائکہ کی وجہ سے میں نے اسے کھانا پسند نہ کیا تم کھاؤ۔ اسی طرح صحابہ کرامؓ حضور ﷺ کے پیالے سے پانی پینے کا بہت شوق رکھتے تھے۔۔

صحیح بخاری کتاب الاشربہ میں اس شخص کا ذکر ہے جس نے سب سے پہلے حضور ﷺ کے پیالے اور آپ کے برتنوں سے پیا۔ عبداللہ بن سلام صحابی (جوان لوگوں

marfat.com

میں شامل ہیں جنہیں دوھرا اجر عطا کیا گیا) نے ابو بردہ سے کہا میں تجھے اس پیالے میں پانی نہ پلاؤں جس سے حضور ﷺ نے پیا ہے۔ امام بخاری نے سھل بن سعد الساعدیؓ سے ایک حدیث بیان کی اسمیں فرمایا کہ سرکار دو جہاں ﷺ تشریف لائے حتیٰ کہ سقیفہ بنی ساعدہ میں بیٹھ گئے آپ کے ساتھ اصحاب بھی تھے پھر فرمایا اے سھل ہمیں پانی پلاؤ میں نے ان کیلئے یہ پیالا نکالا اسمیں انہیں پانی پلایا ابو حازم فرماتے ہیں سھلؓ نے وہ پیالا ہمارے لئے نکالا ہم نے تبرک کیلئے اس سے پیا پھر وہی پیالا جناب عمر بن عبدالعزیز نے بطور ھبہ سھل سے طلب کیا انہوں نے ھبہ کر دیا۔

یہ حدیث پاک امام مسلم نے بھی کتاب الاشربہ میں تخریج فرمائی ہے۔ بخاری نے عاصم احول کی سند سے حدیث تخریج فرمائی انہوں نے کہا میں نے انس بن مالکؓ کے پاس حضور ﷺ کا پیالہ دیکھا پھر انسؓ نے فرمایا میں نے اس پیالے میں حضور ﷺ کو کئی بار پانی پلایا۔ مسلم کی روایت میں ہے کہ میں نے حضور سرور کونین ﷺ کو شھد، نبیذ، پانی اور دودھ تمام مشروبات پلائے۔ نبیذ سے مراد وہ مشروب جسمیں نشہ نہیں (خواہ کھجور کا نچوڑ یا انگور کا)

قرطبی کی مختصر بخاری میں ہے کہ پرانی بخاری کے بعض نسخوں میں ہے کہ ابو عبداللہ بخاری نے ارشاد فرمایا میں یہ پیالا بصرہ میں دیکھا اور اسمیں پانی پیا اور انہوں نے وہ پیالا نضر بن انس کی وراثت سے تین ہزار کا خریدا تھا۔

یہ پیالا صحابہ کرام اور تابعین کے ہاں محفوظ رہا اسمیں پانی پی کر وہ برکت حاصل کرتے صحابہ کرام اور آئمہ تابعین میں سے کسی نے انکار نہ کیا کسی نے اس پیالا میں سے پینے کو حقیر نہ جانا تو وہ شخص کتنا بڑا جاھل ہے جو کہتا ہے یہ تبرک اور اس جیسے دیگر تبرکات

marfat.com

سے بچنے کا حکم ہے یا یہ اچھا کام نہیں ایسا بندہ اس قابل ہے کہ اسے گمراہ قرار دیا جائے (اللہ کی پناہ)۔

بخاری نے مشرب البرکة والماء المبارك میں جابر بن عبداللہؓ سے روایت کی انہوں نے فرمایا میں حضورﷺ کے ساتھ تھا عصر کا وقت ہو گیا بچے ہوئے پانی کے سوا پانی نہ تھا اسے ایک برتن میں ڈال کر آپﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا آپ نے اپنا دست مبارک اس میں ڈال دیا اور انگلیاں کھول دیں پھر فرمایا وضو کرنے والے آجاؤ اللہ کی طرف سے برکت حاصل کرو میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں سے پانی پھوٹ پھوٹ کر نکل رہا ہے لوگوں نے وضو بنایا پانی پیا، میں نے بہت زیادہ وہ پانی پیا اور مجھے یقین ہوا کہ یہ برکت ہے۔ سالم بن ابی الجعد کہتے ہیں میں نے جابر سے پوچھا اس دن تم کتنے تھے؟ فرمایا چودہ سو (۱۴۰۰) لا آلو کا معنی ہے میں نے کمی نہ کی یعنی برکت کیلئے بہت زیادہ پانی پیا۔ اور جابر نے یہ جو فرمایا کہ مجھے یقین ہوا کہ یہ برکت ہے اور پانی کا زیادہ ہو جانا اسی برکت کی وجہ سے ہے یہ صریح ثبوت ہے کہ خلف اور سلف حضورﷺ کے آثار سے تبرک پکڑتے تھے جس چیز نے حضورﷺ کے ساتھ مس کیا یا جو پانی آپ کی مبارک انگلیوں سے جاری ہوا اسے وہ متبرک سمجھتے تھے لہذا اس کے خلاف عقیدہ رکھنا خود گمراہ ہونا اور دوسروں کو گمراہ کرنا ہے ہم اللہ سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں وہ اس طریقہ پر قائم رکھے جو اس کے رسول کی سنت ہے اور جس پر آپ نے اپنے اصحاب کو قائم فرمایا اور خاتمہ بالخیر ہو اور حضور ﷺ کے جوار رحمت میں جگہ ملے۔۔

مسلم نے کتاب الفضائل باب: قرب النبی ﷺ من الناس و تبرکھم

marfat.com

بـــــہ : میں انس بن مالک سے روایت کی جب رسول اللہ ﷺ فجر کی نماز ادا فرماتے مدینہ شریف کے لوگ پانی کے برتن لیکر آتے، آپ اپنا ہاتھ برتن میں ڈال دیتے کبھی سخت ٹھنڈ ہوتی اور پانی میں اپنا ہاتھ مبارک ڈال دیتے

یہ ام ایمن ہیں جنہوں نے حضور ﷺ کا پیشاب مبارک پی لیا۔ کتاب الاصابہ میں ابن السکن نے عبدالملک بن حسین سے انہوں نے نافع بن عطار سے انہوں نے ولید بن عبدالرحمٰن سے انہوں نے ام ایمن سے انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کے لئے ایک بڑا برتن تھا جسمیں رات کو پیشاب فرماتے میں صبح اسے کہیں گرادیا کرتی تھی ایک رات میں سوگئی مجھے پیاس نے ستایا میں نے غلطی سے اس میں سے پی لیا اور اس کا ذکر آپ ﷺ سے کیا آپ نے فرمایا آج کے بعد تیرا پیٹ کبھی تکلیف میں مبتلا نہ ہوگا ۔۔ فخارہ، جبانہ کی طرح ہے یعنی مٹکا۔

جریج کہتے ہیں مجھے حکیمہ بنت امیہ نے انہوں نے اپنی ماں بنت رفیقہ سے روایت کیا کہ نبی کریم ﷺ لکڑی کے بنے ہوئے ایک پیالا میں پیشاب فرمایا کرتے تھے وہ آپ کی چارپائی کے نیچے رکھا جاتا ایک رات کو آپ تشریف لائے پیالے میں کوئی شئی نہ تھی تو آپ نے اس عورت سے جسے برکتہ کہا جاتا تھا جو ام حبیبہ کی خدمت کیا کرتی تھی ام حبیبہ اسے ارض حبشہ سے لائی تھیں فرمایا اس پیالے میں جو پیشاب تھا وہ کہاں گیا؟ اس نے عرض کی میں نے پی لیا۔

ام ایمن برکتہ یہ حضور ﷺ کے والد عبداللہ بن عبدالمطلب کی لونڈی تھی، جب آپ کے والد کا انتقال ہوا تو آپ کی والدہ آمنہ کی لونڈی بن گئی جب حضور ﷺ کی پیدائش

marfat.com

ہوئی تو آپ کے والد فوت ہو چکے تھے ام ایمن آپ کو گود لیتیں حتیٰکہ آپ بڑے ہو گئے آپ ام ایمن کے والدہ کی طرف سے وارث بن گئے جب آپ ﷺ کی شادی حضرت خدیجہ الکبری سے ہوئی تو آپ نے ام ایمن کو آزاد کر دیا پھر ان کا نکاح زید بن حارثہ سے کر دیا تو اسامہ بن زید پیدا ہوئے رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے ام ایمن میری ماں کے بعد ماں ہے آپ ان کی زیارت کیلئے جایا کرتے تھے اور حضور ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے سیدنا ابوبکر اور سیدنا عمرؓ بھی ان کی زیارت کیلئے جایا کرتے تھے۔

تاریخ الخمیس کے مصنف نے جلد ثانی میں فرمایا، شفاء میں ہے ام ایمن نبی کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتی تھیں اور آپ کیلئے لکڑی سے بنا ہوا ایک پیالا تھا جو آپ کی چارپائی کے نیچے رکھا جاتا آپ اس میں رات کو پیشاب فرماتے آپ نے ایک رات پیشاب فرمایا اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ اسمیں کچھ نہیں ہے آپ نے ام ایمن سے اس کے بارے میں پوچھا انہوں نے عرض کیا میں بیدار ہوئی جب کہ مجھے پیاس لگی ہوئی تھی تو میں نے اسے پی لیا جب کہ مجھے علم نہ تھا کہ یہ پیشاب ہے آپ نے فرمایا کبھی تیرے پیٹ کو بیماری نہ لگے گی۔

ترمذی میں یہ الفاظ ہیں کہ "تیرا شکم جہنم کی آگ میں کبھی نہ جائے گا"۔ دار قطنی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور اکثر نے اسے تداوی (بطور دوا استعمال) پر محمول کیا۔

حسن بن صفیان نے اپنی مسند میں، حاکم اور دار قطنی، ابونعیم اور طبرانی نے ابو مالک نخعی سے انہوں نے حدیث کو ام ایمن تک پہنچایا کہ انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ ایک بڑے مٹکے کی طرف جو گھر کے ایک گوشے میں تھا رات کو تشریف لے گئے اسمیں

marfat.com

پیشاب فرمایا میں رات کو بیدار ہوئی مجھے پیاس لگی تھی میں نے جو اس مٹکے میں تھا پی لیا جب کہ مجھے شعور نہ تھا کہ یہ پیشاب ہے جب صبح ہوئی فرمایا۔ ام ایمن اٹھو گرا دو جو اس مٹکے میں ہے میں نے عرض کی بخدا جو اس میں تھا میں نے پی لیا آپ مسکرائے حتی کہ آپ کے آخری دندان مبارک ظاہر ہو گئے پھر فرمایا بخدا، تیرے شکم کو کبھی کوئی تکلیف نہ ہوگی۔۔

ابن جریج فرماتے ہیں مجھے خبر دی گئی کہ نبی کریم ﷺ ایک پیالے میں پیشاب فرمایا کرتے تھے جو آپ کی چارپائی کے نیچے رکھا جاتا آپ تشریف لائے اچانک ملاحظہ فرمایا کہ پیالے میں کچھ نہیں تو آپ نے ایک عورت جسے برکۃ کہا جاتا تھا (جو ام حبیبہ کی خدمت کیا کرتی تھیں ام حبیبہ اسے ارض حبشہ سے لائی تھیں) سے فرمایا وہ پیشاب کہاں ہے؟ جو اس پیالے میں تھا عرض کیا میں نے وہ پی لیا ہے۔ فرمایا اے ام یوسف تجھے صحت ہو گئی وہ عورت کبھی بیمار نہ ہوئی حتی کہ وصال ہو گیا۔۔

ابوداؤد نے ابن جریج سے انہوں نے حلیمہ سے، انہوں نے اپنی ماں امیمہ بنت رقیقہ سے۔ ابن دحیہ نے تصحیح فرمائی یہ دو واقعات ہیں جن کا تعلق دو الگ عورتوں سے ہے برکۃ ام یوسف، برکۃ ام ایمن سے الگ خاتون ہے۔ شیخ الاسلام بلقینی کی بھی یہی رائے ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ام ایمن میری ماں کے بعد میری ماں ہے۔ آپ انکی زیارت کیا کرتے تھے پھر ابوبکر صدیق، ان کے بعد عمر فاروقؓ ان کی زیارت کو جایا کرتے تھے۔

انتھی (ماخوذ از تاریخ الخمیس)

اور یہ ہیں سالم الحجام اصحاب رسول ﷺ میں سے ایک جنہوں نے حضور کو پچھنے لگائے اور آپ کا خون نوش کر گئے۔ آپ نے از راہ تعجب ان سے پوچھا کہ آپ کو معلوم نہ

marfat.com

تھا کہ خون کا پینا حرام ہے؟۔

بخاری نے کتاب الادب باب حسن الخلق والسخاء۔

سھل بن سعدؓ کی سند سے بیان کیا انہوں نے کہا ایک عورت حضورﷺ کی بارگاہ میں چادر لائی تو سھل نے لوگوں سے پوچھا جانتے ہو یہ چادر کیا ہے؟ لوگوں نے کہا یہ شملہ ہے۔ سھل نے کہا یہ بُنا ہوا شملہ ہے اسمیں کناری ہے۔ عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم میں آپ کو پہنانا چاہتی ہوں آپﷺ نے اسکی ضرورت محسوس کرتے ہوئے اسے پکڑا اور پہن لیا صحابہ میں سے ایک آدمی نے آپ کے جسم مبارک پر دیکھا کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم کس قدر خوبصورت ہے کیا مجھے پہنائیں گے فرمایا ہاں جب سرکار کھڑے ہوئے صحابہ کرام نے اس بندے کو ملامت کی کہ جب تجھے معلوم تھا کہ سرکار ﷺ کو اس چادر کی ضرورت ہے تو، تو نے سوال کر کے اچھا نہیں کیا۔ جب کہ تجھے معلوم ہے کہ سرکارﷺ سائل کو نہیں ٹھکراتے۔ اس نے کہا میں نے اس امید پر لیا کہ جب آپ نے پہنا تو اس کی برکت مجھے حاصل ہوگی۔ امید ہے کہ مجھے اسمیں کفن دیا جائے گا۔

بخاری نے یہ حدیث: جنائز: میں بھی تخریج کی ہے۔ باب من استعد الکفن، جس آدمی نے چادر کا سوال کیا تھا تا کہ اسے اسمیں کفن دیا جائے وہ عبدالرحمان بن عوفؓ تھے ابن حجر نے مقدمہ میں بھی یہی کہا۔ روایت کیا اس کو طبرانی نے۔ یہ بھی کہا گیا کہ وہ سعد بن ابی وقاص ہیں دونوں عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔۔۔

کتاب سیرت خیر العباد المجردہ من زاد المعاد اور صحیح مسلم میں اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ یہ رسول اللہﷺ کا جبہ ہے پس طیالسی خروانی جبہ

marfat.com

نکالا جسکا لینہ دیباج کا اور جس کے فرجے دیباج کے۔ فرمایا یہ جبہ حضرت عائشہؓ کے پاس تھا انکے وصال تک انکے پاس رہا انکے وصال کے بعد میرے پاس آ گیا رسول اللہ ﷺ اس جبہ کو پہنا کرتے تھے۔ ہم اس جبہ کو بیمار کیلئے دھو ڈالتے ہیں مریض وہ پانی نوش کر کے شفا پا جاتا ہے۔ انتھٰی

کتاب زاد المسلم کی شرح جلد چہارم صفحہ ۲۱۲ میں فرمایا

صاحب عقد الفرید نے حضرت امیر معاویہؓ کی وفات کا حال بیان کرتے ہوئے کہا کہ جب امیر معاویہؓ کا آخری وقت آیا تو یزید غائب تھا۔ یزید آ گیا اس نے دیکھا کہ عثمان بن محمد بن ابی صفوان بیٹھے ہوئے ہیں اس نے ان کا ہاتھ پکڑا اور امیر معاویہ کے پاس پہنچا اس وقت ان کا سانس اکھڑا ہوا تھا یزید نے ان سے کلام کرنے کی کوشش کی مگر وہ کلام نہ کر سکے۔ یزید رو پڑا پھر امیر معاویہؓ نے کہا اے بیٹے وہ بڑی شئے جس کے بارے میں میں اللہ سے ڈر رہا ہوں وہ ہے جو میں تیرے ساتھ کیا کرتا تھا اے بیٹے میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلا تو آپ جب قضائے حاجت کیلئے جاتے وضو بناتے تو میں ہاتھوں پر پانی ڈالتا آپ نے میری قمیض کو دیکھا جو میرے کندھے سے پھٹی ہوئی تھی تو مجھے فرمایا اے معاویہ کیا تجھے قمیض نہ پہناؤں میں نے عرض کیا کیوں نہیں؟ آپ نے مجھے قمیض عطا فرمائی جسے میں نے صرف ایک دفعہ پہنا اور وہ میرے پاس ہے آپ نے ایک دن کنگھی کی تو میں نے آپ کا ایک موئے مبارک لے لیا اور آپ کے ناخن کا ایک ٹکڑا۔ میں نے وہ ایک شیشی میں ڈال لیا میرے بیٹے جب میرا وصال ہو جائے تو مجھے غسل دینا پھر وہ بال اور وہ ناخن میری آنکھوں اور ناک پر رکھنا اور میرے منہ میں پھر رسول اللہ ﷺ کی قمیض

marfat.com

مبارک میرے نیچے رکھ دینا اگر کوئی شئے نفع دے سکتی ہے تو یہ قمیض مجھے ضرور نفع دے گی۔

یہ کعب بن زہیر ہیں آپ اس چادر مبارک کی زبردست حفاظت فرماتے جو رسول اللہ ﷺ نے ان کو عطا فرمائی تھی اور اس کا واقعہ مشہور ہے ہم بالا ختصار ذکر کرتے ہیں کعب کا بڑے شعراء میں شمار ہوتا تھا اسلام قبول کرنے سے پہلے اس نے نبی کریم ﷺ کی مخالفت میں اشعار کہے تھے فتح مکہ کے موقع پر جو لوگ بھاگ نکلے تھے ان میں کعب اور اس کا بھائی بجیر بھی تھا اور بجیر بھی شاعر تھا اس کے بعد بجیر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں مدینہ شریف حاضر ہوا آپ کا مبارک کلام سنا تو مسلمان ہو گیا اور آپ کے پاس اس نے قیام کیا جب کعب کو اس بات کا علم ہوا تو اس پر اپنے بھائی بجیر کا اسلام قبول کرنا بڑا شاق گزرا اس نے بجیر کو کچھ اشعار لکھ کر ارسال کئے جن میں بجیر کو ڈانٹا اور ملامت کی ان میں پہلا شعر یہ ہے جس کا ترجمہ یہ ہے:

میری طرف سے بجیر کو یہ پیغام ہے
کہتا تھا کیا، کیوں قبول کیا اسلام ہے

جب بجیر کو یہ اشعار وصول ہوئے تو اس نے ان کی اطلاع نبی کریم ﷺ کو کر دی آپ نے ارشاد فرمایا تم میں سے جس کو کعب بن زہیر ملے وہ اسے قتل کر ڈالے یہ واقعہ غزوہ طائف سے واپسی پر ہوا تھا اور غزوہ طائف فتح مکہ کے بعد ہوا تھا پھر بجیر نے کعب کو ایک خط لکھا جس میں چار اشعار لکھے پہلا شعر یہ تھا ترجمہ۔

کون دے کعب کو میری طرف سے یہ خبر
باطل ہے جو تو نے کہا، تو ہے بے خبر

marfat.com

اور بجیر نے یہ بھی لکھا کہ رسول ﷺ نے تیرے توہین آمیز رویہ کی وجہ سے تیرا خون حلال قرار دے دیا ہے اگر اپنی جان بچانے میں تجھے دلچسپی ہے تو آپ ﷺ کی بارگاہ میں آجا آپکی بارگاہ میں جو تائب ہوکر آجائے آپ اس کی توبہ قبول فرمالیتے ہیں اور اسلام سے پہلے واقعات کے بارے میں کوئی گرفت نہیں فرماتے کعب نے اپنی جان پر ترس کھایا اور رسول ﷺ کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا پھر مدینہ شریف کی طرف اسلام قبول کرنے کے ارادے سے سفر شروع کر دیا جب مدینہ شریف پہنچا تو جہینہ قبیلہ کے ایک آدمی کے ہاں ٹھہرا جس کے ساتھ اس کی پہلے سے جان پہچان تھی وہ کعب کو مسجد نبوی میں لے آیا اور اس نے کعب کو اشارے سے بتایا کہ وہ رسول ﷺ ہیں اٹھ کھڑا ہو اور آپ سے امن طلب کر کعب اٹھا اور آپ کے قریب جا کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا اسنے اپنا ہاتھ حضور ﷺ کے ہاتھ میں دے دیا۔ آپ ﷺ اسے پہچانتے نہ تھے پھر اس نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم بے شک کعب بن زہیر آپ کے پاس حاضر ہوا ہے۔ امن کا طالب ہے توبہ کر رہا ہے اسلام قبول کرنا چاہتا ہے کیا آپ اس کی توبہ قبول کریں گے رسول ﷺ نے فرمایا ہاں اسکی توبہ قبول کرلوں گا اسنے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم میں ہی کعب بن زہیر ہوں پھر ابوبکر صدیقؓ کی طرف متوجہ ہوا اور آپ سے کوئی شعر پڑھنے کا مطالبہ کیا آپ نے یہ شعر پڑھا

سقاك بها المامون كاسا روية

کعب نے کہا میں نے اس طرح نہیں کہا بلکہ میرا شعر یوں ہے

سقاك ابو بكر سكاسِ روية　　فان هلك المامون منها و علكا

marfat.com

رسول ﷺ نے کہا بخدا تو امن میں ہے ۔ انصار میں سے ایک آدمی آگے بڑھا اور عرض کیا یارسول ﷺ مجھے اجازت دیں اس دشمن خدا کی گردن اڑا دوں آپ نے ارشاد فرمایا ہرگز نہیں یہ تائب ہو کر یہاں آیا ہے اور کفر سے نکل کر یہاں آیا ہے پھر کعب نے اپنا قصیدہ ''بانت سعاد'' رسول ﷺ کے سامنے پڑھا آپ سنتے رہے جب اس شعر پر پہنچا ۔ ترجمہ

رسول خدا ایسی تلوار ہیں جسکی ہے ضیاء

یہ ہیں سیف اللہ یہ ہیں حبیب خدا

رسول کریم ﷺ نے اپنی چادر اتار کر کعب بن زھیر پر ڈال دی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے دس ہزار درھم کعب کو دے کر وہ چادر حاصل کرنے کی کوشش کی مگر کعب نے کہا کہ رسول کریم ﷺ کا یہ عطا کردہ کپڑا مبارک میں کسی کو کسی قیمت پر نہیں دوں گا حضرت کعب کے وصال کے بعد جناب امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے وارثوں کو بیس ہزار درھم دے کر وہ چادر حاصل کر لی ۔ یہ چادر مختلف بادشاہوں کے پاس منتقل ہوتی رہی ۔ ابن قانع نے ابن المسیب سے روایت کی یہ چادر، خلفاء عید کے موقع پر زیب تن کرتے لیکن شامی نے کہا کہ اب اس چادر کا وجود نہیں ہے وہ بوسیدہ ہو کر ختم ہو گئی ہے ۔

(انتھی شرح قصیدہ بانت سعاد)

صحیح مسلم میں ہے نبی کریم ﷺ نے امّ سلیم کو اس حال میں پایا کہ وہ آپ کا پسینہ مبارک اپنی شیشیوں میں بھر رہی ہیں جب کے آپ ان کے گھر نطع پر سوئے ہوئے تھے

marfat.com

جب بیدار ہوئے تو پوچھا ام سلیم کیا کر رہی ہو عرض کیا یا رسول ﷺ ہم امید رکھتے ہیں کہ یہ پسینہ مبارک ہمارے بچوں کے لئے شفا کا باعث بنے گا فرمایا تو سیدھی راہ پر ہے

مسلم نے یہ حدیث تین اسناد کے ساتھ بیان فرمائی باب طیب عرق النبی ﷺ میں یہ تمام زاد المسلم سے نقل ہے

ہم کہتے ہیں جو کچھ بیان ہوا کہ اصحاب رسول ﷺ آثار رسول ﷺ کی حفاظت فرماتے یہ عجیب نہیں ہے کیونکہ آپ ﷺ اللہ کے رسول، خلیل اللہ اور حبیب اللہ ہیں اور سب سے زیادہ اللہ کی بارگاہ میں آپ ﷺ عزت والے ہیں اور آپ ﷺ ہر انسان سے زیادہ خیر و برکت کے جامع ہیں آپ ﷺ کے تمام آثار سے برکت کیوں نہ حاصل کی جائے جب کہ آپ ﷺ صحابہ کرام کو ان کے مال جان اور اولاد سے زیادہ محبوب تھے اور آپ ﷺ کے تمام آثار بھی ان کو ہر شئی سے زیادہ پیارے تھے

یہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ہیں رسول ﷺ کا ذکر جمیل کرتے اور روتے آپ کی رہائش گاہ کے پاس سے گزرتے تو آنکھیں بند کر لیتے

بیہقی نے زہد میں سند صحیح کیساتھ ذکر کیا کہ ابن عمرؓ ہر مسجد میں آثار رسول ﷺ کی تلاش کیلئے تشریف لے جاتے اور اپنی سواری کو ہر اس راستے پر چلاتے جس راہ پر سرکا ﷺ کو دیکھا کہ آپ اپنی اونٹنی کو چلایا کرتے تھے اور آپ ہر سال حج کرتے عرفات میں اس جگہ وقوف کرتے جہاں رسول پاک ﷺ وقوف فرمایا کرتے تھے امام مالک نے موطا میں ما جاء فی الدعاء کے باب کے اندر یہ حدیث بیان فرمائی کہ عبداللہ بن عمرؓ بنی معاویہ کی بستی تشریف لائے اور یہ انصار کی بستیوں میں سے ایک بستی ہے آپ نے

marfat.com

لوگوں سے پوچھا کہ کیا جانتے ہو کہ رسول ﷺ نے تمھاری مسجد میں کہاں نماز پڑھی عبداللہ بن عبداللہ بن جابر بن عتیک نے کہا جی ہاں اور مسجد کے گوشہ کی طرف اشارہ کیا الی آخر الحدیث اور وارد ہے کہ صحابہ کرام ؓ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں درخواست پیش کیا کرتے تھے کہ آپ ان کے گھر نماز ادا کریں۔

بخاری نے کتاب الصلوۃ عتبان بن مالک کی درخواست کا ذکر کیا ہے کہ انھوں نے سرکار کی خدمت میں درخواست پیش کی کہ آپ ان کے گھر نماز ادا کریں تا کہ وہ اس جگہ مصلی بنالیں جب ان کی نظر کمزور ہوگئی اور آپ کے گھر اور مسجد نبوی کے درمیان نالہ حائل ہوگیا تو سرکار ﷺ ان کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا کہاں پسند کرتے ہو کہ میں نماز ادا کروں انہوں نے ایک گوشہ کی طرف اشارہ کیا آپ نے نماز ادا فرمائی لوگوں نے آپ کے پیچھے صف بندی کر لی جیسا کہ حدیث صحیح میں اس کے بارے میں وضاحت موجود ہے۔

marfat.com

الفصل الثانی

آپ ﷺ کے نعلین پاک کی صفت کے بیان میں

ھم نے اپنی کتاب مقام ابراھیم اور اپنی کتاب التاریخ القویم لمکہ و بیت اللہ الکریم میں ابوالانبیاء ابراھیم خلیل اللہ کے قدموں کے بارے میں بیان کیا۔ یہاں ھم اپنے نبی ﷺ کے نعل پاک کے بارے میں بیان کرتے ہیں وہ آثار نبوی میں سے ہیں امام احمد نے کتاب الزھد میں روایت کی کہ نبی کریم ﷺ ناپسند کرتے تھے کہ آپ کے نعلین سے پاؤں کا کچھ حصہ باہر ہو مناوی کہتے ہیں کہ اس روایت کا مفہوم یہ ہے کہ آپ ناپسند فرماتے تھے کہ نعل پاک پاؤں کی مقدار سے بڑا ہو یا چھوٹا یہ روایت، آپ کے حسن ذوق، رقت احساس، معرفت تامہ اور حسن اختیار پر دلالت کرتی ہے۔ آپ ﷺ لوگوں سے خَلق اور خُلق میں، دین اور عقل میں اکمل ہیں آپ تمام اقوال اور افعال میں امور دین و دنیا میں پیشوا ہیں

بخاری و مسلم نے سیدنا ابن عمرؓ سے روایت کی آپ ﷺ سبتیہ نعلین پہنتے اور داڑھی پاک کو ورس اور زعفران سے رنگتے۔ عزیزی نے جامع صغیر کی شرح میں کہا کہ سبتیہ میں سین کا کسرہ ہے یہ سبت کی طرف نسبت ہے اور وہ رنگے چمڑے کے ٹکڑے ہیں جن کے بال صاف کردئے گئے ہوں قسطلانی میں ہے نعال سبتیہ سین کے کسرہ کے ساتھ اور ب کے سکون کے ساتھ اس کے تا کا کسرہ اور یا کی شد وہ چمڑہ جسے قرظ سے رنگا گیا ہو یا اس

marfat.com

چمڑے کو کہتے ہیں جس کے بال صاف کردئے گئے ہوں قاموس میں ہے سبت ہر وہ چمڑہ ہے جسے قرظ سے رنگا گیا ہو یا کسی اور چیز سے

بخاری ومسلم نے یہ بھی روایت کی ہے آپ ﷺ اپنی نعلین میں نماز پڑھتے تھے اور یہ بھی روایت بیان کی کہ آپ ﷺ کو داھنی طرف سے آغاز کرنا پسند تھا نعلین پہننے میں، کنگھی کرنے میں اور طہارت میں اور ہر معاملے میں۔

پس سابقہ بیان سے معلوم ہو گیا کہ آپ نعلین پہنتے تھے اور ننگے پاؤں نہیں چلتے تھے یعنی ننگے پاؤں رہنے کی عام عادت نہ تھی۔ تاریخ الخمیس میں نبی کریم ﷺ کا مکہ سے غار ثور کی طرف ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ نکلنے کا بیان کرتے ہوئے کہا رسول اللہ ﷺ نے غار کے راستہ میں اپنے نعلین اتار دئے اور اپنی انگلیوں کے کناروں پر چل رہے تھے تا کہ پاؤں کے نشان زمین پر ظاہر نہ ہوں حتی کہ آپ کے پاؤں بہت نرم ہو گئے جب ابوبکرؓ نے دیکھا کہ آپ کے پاؤں نرم پڑ گئے ہیں تو آپ کو اپنے کندھے پر اٹھا لیا اور آپ ﷺ کو اٹھائے رکھا حتی کہ غار میں پہنچ گئے۔۔

دلائل النبوۃ میں ایسے ہی ہے حفیت رجلاہ کا معنی ہے زیادہ چلنے سے آپ کے پاؤں نرم پڑ گئے پھر چند سطر بعد کہا ۔ روایت ہے ابوبکر صدیقؓ سے کہ انھوں نے عائشہ صدیقہؓ سے کہا اگر تو مجھے اور رسول اللہ ﷺ کو دیکھتی جب ہم غار کی طرف جا رہے تھے تو رسول اللہ ﷺ کے پاؤں مبارک نرم پڑ گئے تھے اور میرے پاؤں ایسے ہو گئے تھے جیسے سخت پتھر عائشہؓ نے کہا رسول اللہ ﷺ کو ننگے پاؤں چلنے کی عادت نہ تھی اور نہ ہی آپ ﷺ برہنہ رہتے تھے۔ نیز روایت ہے ابوبکر صدیقؓ سے، انہوں نے کہا میں نے رسول

marfat.com

اللہ ﷺ کے پاؤں مبارک کو غار میں دیکھا تو دونوں سے خون بہ رہا تھا تو میں رونے لگا مجھے احساس ہوا کہ آپ ﷺ کو ننگے پاؤں رہنے کی عادت نہ تھی

انتھی من تاریخ الخمیس

کوئی شبہ نہیں رسول پاک ﷺ نعلین پہنا کرتے تھے اور تمام لوگوں میں عادت جاری ہے کہ ایک سال میں کم از کم دو جوڑے نعلین کے ضرور استعمال کرتے ہیں تو اگر ہم فرض کریں کہ آپ ﷺ نے دس سال کی عمر کے بعد وفات تک نعلین پہنے ہیں تو نعلین استعمال کرنے کی مدت ۵۳ سال بنتی ہے اور جب ہم یہ بھی اندازہ لگائیں کہ آپ سال میں دو جوڑے نعلین کے پہنا کرتے تھے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے تخمینا ۱۰۶ جوڑے نعلین کے استعمال فرمائے ہوں گے حالانکہ یہ بھی معقول بات ہے کہ بچہ چوتھے پانچویں سال میں جوتے پہننا شروع کر دیتا ہے اتنی بڑی تعداد رسول اللہ ﷺ کے نعلین کی اگرچہ عام طور پر ایک ہی شکل کی تھی مگر معمولی فرق ناگزیر ہے ایک ہی آدمی کی صنعت اور کاریگری میں بھی فرق ہوتا ہے اور یہ بھی امکان ھے کہ نعلین تیار کرنے والے متعدد آدمی ہوں تو فرق ضروری ہے ہم نے یہ وضاحت اس لئے کی ہے کہ محترم قاری جب نعل شریفہ کے وصف پر مطلع ہوگا جیسا کہ جلیل القدر علماء کرام نے ذکر فرمایا ہے پھر وہ نعل پاک کی تصویر کو دیکھے گا تو ان میں کئی طرح کے نشانات جدا جدا دیکھے گا جو مختلف انواع کی نعلین پاک میں تھے تو اسے تردد اور شک نہ ہوگا

اب ملاحظہ کریں نعل شریف کا وصف جو علماء نے ذکر کیا زاد المسلم جلد ۶ طبع اولی میں اس حدیث پاک کان النبی ﷺ یصلی فی نعلیه کی شرح کرتے ہوئے

marfat.com

لکھتے ہیں جان تو کہ یہ روایت ہے کہ آپ کے نعل کا طول ایک بالشت اور دو انگلیاں تھا اور عرض دو ٹخنوں کے درمیان ۷ انگلی کی مقدار پاؤں کے پیٹ سے ۵ انگلی اور پیٹ کے اوپر سے ۶ انگلی اور اس کا سر محدد تھا اور دونوں تسموں کے درمیان دو انگلی کی مقدار تھی۔

حافظ کبیر زین الدین عراقی سیرۃ نبویہ علی صاحبھا افضل السلام میں فرماتے

ہیں

ترجمہ۔

اور آپ کی نعل پاک نورانی کو	مبارک ہے جس نے لگایا پیشانی کو
اس کے تسمے حسن کی تصویر ہیں	ان میں بال تقدیر کی زنجیر ہیں
طول نعلین کا دو انگلی اور ایک بالشت	عرض کعبین کے مابین ایک کم ہشت
بطن قدم پانچ انگلی سر اس کا محدد تھا	دو تسموں کے درمیان دو انگلی مکمل تھا
نعلین رسول کی اب تصویریں دیکھ	بدلتی اس سے امت کی تقدیریں دیکھ

نعلین پاک کی تصاویر ان میں بعض زاد المسلم سے منقول ہیں

نوٹ: نعلین پاک کی تصاویر اصل عربی کتاب (جو کہ ترجمہ کے ساتھ ہی شائع کی جا رہی ہے) میں ملاحظہ فرمائیں۔

تصویر نمبر ا

تصویر نمبر ۲

تصویر نمبر ۳ یہ تصویر زاد المسلم کی شرح صفحہ نمبر ۵۵۴ سے لی گئی ہے

marfat.com

تصویر نمبر ۴ اسمیں اشعار ہیں زادالمسلم کے مصنف نے رقم کیے ہیں

امام ابوالعباس احمد المقری (جو مصنف ہیں نفح الطیب اور اضاءۃ الدجنۃ وغیرھما کے) انکی نعلین پاک کی شان میں نہایت عمدہ تصنیف ہے جو کہ حیدر آباد ہندوستان سے طبع ہوئی ہے شرح زادالمسلم کا بیان ختم ہوا

میں کہتا ہوں صحیح مسلم میں جو حضور علیہ السلام کا ارشاد گرامی وارد ہے "اے ابوھریرہ میرے یہ نعلین پاک لے جا جو تجھے اس باغ کے باہر ملے اور شہادت دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا دل اس پر یقین رکھتا ہو، اسے جنت کی بشارت دے دو۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نعلین پاک صحابہ کرام کے ہاں معروف تھے اس لئے تو وہ ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائے تا کہ علامت بن جائیں کہ ابوھریرہ آپ کے قاصد ہیں اور صحابہ کرام ان کی تصدیق کرنے میں کسی تردد کا شکار نہ ہوں، یہ تفصیل وہ ہے جو صحیح مسلم میں ہے انہوں نے کتاب مبارق الازھار فی مشارق الانوار سے نقل کی ہے۔

مسلم شریف میں روایت ہے کہ رسول پاک ﷺ صحابہ کرام کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے اچانک اٹھ کر چلے گئے دیر کر دی ہم سب پریشان ہوئے ابوھریرہ فرماتے ہیں سب سے پہلے اور سب سے زیادہ میں پریشان ہوا ہم آپ کی تلاش میں نکلے میں نے آپ کو ایک باغ کے اندر پالیا آپ نے مجھے نعلین عطا فرمائے اور فرمایا "یہ نعلین لے جا"۔ کہا گیا ہے ابوھریرہؓ نعلین پاک اٹھایا کرتے تھے لہذا آپ نے بطور علامت اس وقت آپ کو عطا فرمائے تا کہ علامت ہو کہ ابوھریرہؓ رسول ﷺ سے ملے ھیں اور ان کے قلوب میں

marfat.com

بات بیٹھ جائے اگر چہ ابوھریرہ ؓ کی خبر اس کے بغیر بھی مقبول تھی ۔(جسمیں تھا جو تجھے باغ کے باہر ملے تو حید رسالت کی شہادت دیتا ہوا سے جنت کی بشارت دیدے)

اگر تو سوال کرے کہ ابوھریرہ ان کے قلوب کے یقین پر مطلع نہ تھے پھر بشارت تہادت یقین کے ساتھ کیسے مشروط ہوسکتی ہے۔ جواب یہ ھے کہ حدیث پاک کا معنی یہ ہے ان کو خبر دے دے جس کی صفت اور شان یہ ہے وہ جنت کا حقدار ہے لہذا اس کا فیصلہ وہ آدمی آنے والا خود کرے گا۔ حدیث میں صرف ایک شہادت (توحید) کا ذکر ہے دوسری شہادت (رسالت) کا ذکر نہیں مگر مراد دونوں ھیں۔ حدیث پاک کا تتمہ یہ ھے۔

ابوھریرہؓ فرماتے ھیں جب میں آپ ﷺ کی بارگاہ سے نکل کر آیا تو اچانک پہلا آدمی جو ملا وہ سیدنا عمرؓ تھے میں نے ان سے حدیث پاک کا ذکر کیا تو حضرت عمر فاروقؓ نے میرے سینہ میں زور سے مارا حتی کہ میں سرین کے بل گر پڑا مجھے کہا واپس چلا جا میں واپس لوٹا، رسول اللہ ﷺ کو واقعہ بتایا میرے پیچھے فاروق اعظمؓ بھی آ گئے سرکار دو عالم ﷺ نے پوچھا اے عمرؓ یہ تم نے کیا کیا؟ عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں مجھے خوف ہوا کہ لوگ اس پر بھروسہ کرلیں گے آپ انہیں چھوڑیں انہیں عمل کرنے دیں

انتھی مبارق الازھار

جس طرح حضور ﷺ نے نعلین پہنے ایسے ہی خفین (موزے) بھی پہنے تاریخ الخمیس میں ہے نبی کریم ﷺ نے موزے پہنے اور ان پر مسح فرمایا

ترمذی نے بیان کیا کہ آپ کے سیاہ رنگ کے سادہ موزے تھے جو حبشہ کے بادشاہ نے ہدیہ بھیجے تھے۔ ایک روایت میں ہے آپ انہیں پہنتے ان پر مسح فرماتے اور آپ

marfat.com

ایسے نعلین پہنتے جن میں بال تھے اور آپ نے ایسے نعلین بھی پہنے جن میں بال نہ تھے اور آپ کے نعلین کے دو تسمے تھے اور ترمذی نے یہ بھی کہا آپ کے نعلین محصوف تھے اور آپ نے ان میں نماز ادا فرمائی یہ روایت ہے کہ نعلین رسول ﷺ کے دو تسمے تھے

ایک روایت میں ہے سبت کے نعلین تھے اور محصرہ تھے دو قبالوں والے زرد رنگ کے تھے (انتھی)

شمائل محمدیہ میں ہے ہم سے محمد بن بشار نے ان سے ابو داود نے ان سے ھمام نے انہوں نے قتادہؓ سے روایت کی ، وہ فرماتے ہیں میں نے انس بن مالکؓ سے کہا، رسول اللہ ﷺ کے نعلین پاک کیسے تھے؟ انہوں نے کہا ان کے دو قبال تھے دونوں کیلئے دوہرے تسمے تھے ابن عباس سے بھی ایسی ہی روایت ہے

مواھب لدنیہ میں فرمایا دو میں سے ہر ایک کیلئے دو قبال تھے اس پر دلیل بخاری کی روایت ہے قبالان ،قبال کا تثنیہ ہے اور کتاب کے وزن پر ہے اس لگام کو کہتے ہیں جو وسطی انگلی اور ساتھ والی انگلی کے درمیان ہوتی ہے اور اس کو ''شسع'' کہتے ہیں بر وزن حمل قاموس میں ایسے ہی ہے آپ ﷺ ایک قبالہ انگوٹھے اور ساتھ والی انگلی کے درمیان رکھتے اور دوسرا قبالہ وسطی اور ساتھ والی کے درمیان رکھتے اور مثنی شرا کھما ۔میم کا ضمہ ثا کا فتحہ نون کی تشدید یا میم کا فتحہ ثا کا سکون اور نون کا کسرہ اور تشدید۔شراک کتاب کی طرح ہے یعنی آپ کے نعلین کا شراک دوہرا تھا

حاملین نعلین پاک: جو رسول اللہ ﷺ کے نعل پاک اٹھایا کرتے تھے ان میں عبد

marfat.com

اللہ بن مسعود الھذ لیؓ ہیں آپ سابقون الاوّ لون میں سے ہیں غزوہ بدر اور دیگر تمام غزوات میں شریک ہوئے جب آپ ﷺ کھڑے ہوتے تو آپ کو نعلین پاک پہناتے اور جب آپ بیٹھ جاتے تو اپنی کلائیوں میں سنبھالے رکھتے، حتی کہ آپ کھڑے ہوتے۔ اصحاب رسول میں کچھ صاحب سواد، کچھ صاحب سواک، کچھ صاحب فراش، اور کچھ صاحب وساد مشہور تھے۔ سواد پردہ اٹھنے کو کہتے ہیں صاحب سواد کو آپ کا ارشاد تھا کہ پردہ اٹھنے کی طرف متوجہ رہنا اور یہ صحابیؓ آپ کے اشارہ کو سمجھتے ہوئے بارگاہ رسول میں حاضر ہوتے اور نعلین آپکو پہناتے آپ کے آگے اور آپ کے ساتھ چلتے جب غسل فرماتے تو پردہ ڈالتے جب آپ سو جاتے تو بیدار کرتے۔ نظم عمود النسب والے نے اسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

ھذیل تھے صاحب سواد — نعل و فراش و صاحب وساد

وہ ابن مسعود جنہیں بشارت دی — نعلین دے کے سمجھو وزارت دی

التراتیب الاداریہ جلد اول صفحہ ۳۴ میں ہے ،ذکر صاحب النعلین، ابن جماعہ نے مختصر السیر اور اسی کی مثل مواھب وغیرہ میں ہے کہ عبداللہ بن مسعود صاحب نعلین رسول ﷺ جب آپ کھڑے ہوتے آپ کو پہناتے اور جب آپ بیٹھ جاتے تو اپنی کلائیوں میں انہیں محفوظ رکھتے۔

میں کہتا ہوں حرث نے اور ابن ابی عمر نے تخریج کی ہے قاسم بن عبدالرحمان کے مرسل سے اور یہ لفظ زائد کئے ہیں کہ جب آپ کھڑے ہوتے تو آپ کے پاؤں مبارک میں پہناتے اور چلتے، حتی کہ حجرہ میں آپ ﷺ سے پہلے داخل ہو جاتے زرقانی نے

marfat.com

مواھب پر کہا کہ اپنی کلائیوں میں اس لئے رکھتے تھے کہ اپنے ہاتھ خدمت رسول ﷺ کیلئے فارغ رکھتے تھے اور ہاتھوں کو اطاعت کیلئے مشغول رکھتے تھے جب بھی ضرورت پڑے فورا ہاتھ حاضر کردیں اسکی اصل ان کے شیخ شبراملسی ہیں

امام ابوالعباس المقری نے فتح المتعال میں لکھا کہ عبداللہ بن مسعود صاحب نعلین صاحب سواک صاحب وساد اور صاحب طہور تھے جیسا کہ بخاری و مسلم میں ہے اور حضور ﷺ کے ساتھ رہتے تھے اور آپ ﷺ کو نعلین پہناتے جب آپ کھڑے ہوتے۔ اور انہیں اپنی کلائیوں میں رکھ لیتے جب آپ بیٹھتے اور آپ کے کھڑے ہونے تک نعلین کلائیوں میں رکھتے

روایت کی ہے محمد بن یحی نے قاسم سے عبداللہ مسعودؓ کھڑے ہو جاتے جب رسول اللہ ﷺ بیٹھ جاتے آپ کے پاؤں سے نعلین اتارتے اور اپنی کلائیوں میں رکھ لیتے جب آپ کھڑے ہوتے تو آپ کو پہناتے لاٹھی لے کر آپ کے آگے چلتے حتی کہ آپ حجرہ میں داخل ہو جاتے۔

ایک جماعت نے ذکر کیا ان میں ابن سعدؒ بھی ہیں کہ انس بن مالک صاحب نعلین پاک اور صاحب اداوت (سامان) تھے حافظ ابن حجر نے اس حدیث الیس فیکم صاحب النعلین پر کلام کرتے ہوئے کہا صاحب نعلین یہاں عبداللہ بن مسعود ہیں کیونکہ اس معاملہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت کے والی تھے حقیقت میں صاحب النعلین رسول پاک ﷺ ہیں ابن مسعودؓ کو صاحب النعلین مجازاً کہا جاتا ہے کیونکہ آپ نعلین رسول ﷺ اٹھایا کرتے تھے۔

marfat.com

بیضاوی نے کہا جیسا کہ'' قوت المغتذی علی جامع الترمذی ''میں ہے عبد اللہ بن مسعود مصطفٰے کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتے تھے تمام حالات میں آپ ﷺ کے ساتھ رہتے وضو کے لیے آپ ﷺ کا آفتابہ اٹھاتے۔ آپ ﷺ کے نعلین پاک اپنی کلائیوں میں پکڑ کے رکھتے تا کہ پہننے کے وقت محفوظ ہوں ۔کتاب التراتیب الادار یہ کا بیان مکمل ہوا

اس مقام کہ وہ بھی مناسب ہے جو ابن کثیر نے اپنی تاریخ میں امیر المئومنین محمد المھدی کے مناقب میں ذکر کیا وہ کہتے ہیں ایک دن ان (محمد مھدی) کے ہاں ایک آدمی آیا اور اس کے پاس نعل تھا اس نے کہا، یہ رسول خدا ﷺ کے نعلین ہیں میں تجھے ھدیہ کرتا ہوں کہا لاؤ اس آدمی نے امیر المئومنین کو وہ نعلین دیے امیر المئومنین نے لیکر ان کا بوسہ لیا اور اپنی آنکھوں پر رکھا اور حکم دیا کہ اس آدمی کو دس ہزار درھم دیے جائیں جب وہ آدمی چلا گیا تو محمد مھدی نے کہا اللہ کی قسم میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ نعلین دیکھے بھی نہیں چہ جائیکہ انہیں پہنا ہو لیکن اگر رد کر دیتا یہ جاتا اور لوگوں کو بتاتا کہ میں نے نعلین رسول ﷺ کا مھدی کو ہدیہ دیا اس نے قبول نہ کیا لوگ اس کو سچا جانتے کیونکہ عام لوگ ایسا ہی کرتے ہیں ان کی عادت ہے کہ قوی کے خلاف کمزور کی مدد کرتے ہیں اگر چہ وہ ظالم ہو ہم نے اس آدمی کی زبان دس ہزار درھم کے بدلے خرید لی ہے اور ہم نے محسوس کیا یہی قابل ترجیح ہے اور اسی میں خیر ہے (انتھٰی)

اللہ تجھ پر رحم کرے امیر المئومنین کی دانش مندی کو دیکھ اور اس کی لطیف سیاست کو دیکھ، اس کی دور بینی کو دیکھ اور اسکے حکیمانہ قول کو دیکھ پاک ہے وہ ذات جو قاسم عقول ہے

marfat.com

جو قاسم ارزاق ہے کیا ہی عمدہ عقل ہے اور کیا ہی عمدہ ہے جب دین اور دنیا جمع ہو جائیں۔
اے اللہ ہمارے لیے دین و دنیا میں کامل نصیب بنا دے یعنی ہمیں علم، عقل، صلاح، تقویٰ، غنٰی کی توفیق عطا کر دے اپنی رضا، عفو، غفران، اپنا حلم، ستر، رحمت، کرم، احسان اپنے فضل و رحمت سے ہمیں عطا فرما دے یا ارحم الراحمین آمین وصلی اللہ علی النبی الامی وعلی آلہ و اصحابہ اجمعین

کتاب التراتیب الاداریہ جلد اول صفحہ ۳۶

علماء کی ایک جماعت نے صرف نعلین پاک کے بارے مستقل کتابیں تحریر کی ہیں جیسے ابو الیمن بن عساکر۔ السراج البلقینی۔ السبتی۔ الشمس۔ محمد بن عیسٰی مقری جن کی تصنیف ہے: قرۃ العینین فی تحقیق امر النعلین: ان میں سے امام ابو العباس المقری التلمسانی بہت شہرت رکھتے ہیں یہ مصر میں مدفون ہوئے ان کی کتاب ہے: النفحات العنبریہ فی وصف نعل خیر البریہ: اور انکی تصنیف ہے: فتح المتعال فی مدح خیر النعال: اور یہ دوسری کتاب انہوں نے مسجد نبوی میں رسول اللہ ﷺ کے قدمین شریفین کے پاس بیٹھ کر تحریر کی ہے جیسا کہ انہوں نے عمامہ نبویہ کے وصف میں کتاب لکھی اور مسجد نبوی میں رسول اللہ ﷺ کے سرہانے کے پاس بیٹھ کر تصنیف کی :فتح المتعال فی مدح خیر النعال سے کئی مختصرات جمع کی گئی ہیں

ایک مختصر رضی الدین ابو الخیر عبد المجید قادری ہندی کی ہے جو ہندوستان میں طبع ہوئی ایک مختصر ابو الحسن علی بن سلیمان الدمنتی (دفین مراکش) کی ہے ایک مختصر ابو المحاسن یوسف النبھانی کی ہے۔ تینوں مختصرات میرے پاس ہیں۔ بلکہ مختصر اوّل نے ذکر

marfat.com

کیا کہ نعلین پاک کی مدح میں پچاس سے زائد کتب تصنیف ہو چکی ہیں۔

رحلہ عیاشیہ میں ہے کہ اسکے صاحب کو کتاب اللالی کا آدھا حصہ ملا جو کہ نظام کے حکم سے لکھی گئی تھی جس کا نصف نعلین پاک کی تصویر کی مدح میں ہے۔ جو تصاویر عبداللہ بن محمد بن ھارون الطائی القرطبی نے جمع کی ہیں اور اس کا سبب یہ ہوا کہ ان سے سوال کیا گیا کہ نعلین پاک کی صفت میں کچھ اشعار لکھیں۔ تو انہوں نے ایک سو چھتیس سے زائد چھوٹے بڑے اشعار لکھے اور علماء نے انہیں بہت پسند فرمایا۔

شیخ ابو سالم فرمایا کہ اس تالیف پر حافظ مقری مطلع نہیں ہو سکے حالانکہ ان کے حافظہ کی بڑی وسعت تھی اور ان کو اکثر کتب پر اطلاع تھی اور تلاش میں بہت مبالغہ کرتے انہوں نے زیادہ تر فتح المتعال فی مدح خیر النعال سے ہی مواد اخذ کیا اگر اس کتاب پر مطلع ہو جاتے اس سے بہت زیادہ فائدہ حاصل کرتے۔

کتاب التراتیب الاداریہ کا بیان مکمل ہوا۔ بہت سے شعراء نے قصائد لطیفہ نعل نبی ﷺ کی تصویر کے بارے لکھے طوالت کے خوف سے ھم ان کا ذکر نہیں کرتے۔۔

بعض نعال شریفہ کی تاریخ اور جو اُن کے مختلف اطراف میں لکھا ہے

اس رسالہ کا مؤلف کہتا ہے کہ نعلین رسول ﷺ میں سے ایک پاؤں آج عدوہ فاس اندلس میں موجود ہے اسے فاضل سید عبدالعزیز بن ابی قاسم بن مسعود الدباغ امام مسجد باشا جدہ میں دیکھا انہوں ہمیں اسکی بیس شعبان ۱۳۷۶ھ اخوائین میں اطلاع دی اور انہوں نے دو برادران العزیز بن السید سعید بن السید صالح الدباغ اور ان کے بھائی سید عبدالرحمان الدباغ کے

marfat.com

گھر میں کتاب تحریر کی اور ہمارے ساتھ ہمارے دوست سید محمد الھادی عقیل تھے کہ جب وہ مدینہ فاس مغرب اقصیٰ میں ۱۳۵۷ میں موجود تھے وہاں نعل نبی ﷺ کا ایک پاؤں شیشے کی دو تختیوں میں محفوظ دیکھا، فاس کے فضلاء میں سے کسی کے گھر میں۔ دوسرا پاؤں نعل شریفہ کا ان سے کسی بادشاہ نے لے لیا تھا۔ سید عبدالعزیز الدباغ نے صاحب منزل سے اجازت طلب کی وہ ایک عمدہ کاغذ پر نعل شریفہ کا نقشہ بنالیں اور اس کے اردگرد کچھ لکھیں صاحب منزل نے اجازت دے دی ملاحظہ کریں ایک پاؤں کے نعل شریفہ کی تصویر

نوٹ: نعلین پاک کی تصاویر اصل عربی کتاب (جو کہ ترجمہ کے ساتھ ہی شائع کی جارہی ہے) میں ملاحظہ فرمائیں۔

ھم نے اس نعل شریفہ کی تصویر ''عدوہ فاس'' اندلس کے اس رسالہ کے اندر دیکھی جو ترکی میں طباعت ہوا جس کا نام ہے الشجرۃ المحمدیہ

اور تم وہ تاریخ بھی دیکھو جو کہ آج بھی فاس مغرب اقصیٰ کے شہر کے اندر موجود ہے جو تحریر نعل نبی کے اردگرد لکھی ہے

الحمد اللہ کیا ہی عمدہ تصویر ہے۔ الحمد اللہ۔ جن لوگوں نے اس تصویر کا مشاہدہ کیا انہوں نے تاریخ کے بعد اپنے نام بھی لکھے اور یہ تمام تحریریں اس کاغذ پر لکھی ہیں جو اس تصویر کے ساتھ ہیں نعل النبوی الشریف جو کہ طاہرین صقلین کے دارالسادات میں درب الدرج کی چوٹی میں عدوہ فاس اندلس میں ہے۔ پھر ان دونوں نے وہ تصویر درب

marfat.com

سعود میں مدت بعد دیکھی تو اس میں کوئی تبدیلی نہ تھی جس نے پہلے دیکھا تھا اور دوسری مرتبہ دیکھا اس نے اپنی شہادت کو ۱۶ ذی الحجہ ۱۱۳۵ھ کو قلمبند کیا

اور یہ ہیں محمد بن احمد ''تاب اللہ علیہ'' محمد بن احمد المناوی کان اللہ لہ ادریس بن احمد العراقی کان اللہ لہ۔ درج ذیل بیان ملاحظہ ہو

الحمد للہ اللہ کا فضل اور اس کے بندے شلووی بن سودہ کان اللہ لہ پر اس نے یہ نعل کریمہ دیکھی اسے اپنی جبین سے لگایا اور اس سے برکت حاصل کی الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی مولانا رسول اللہ ﷺ۔ اسی طرح اللہ کا احسان ہوا عبد حقیر محمد بن احمد الصقلی الحسینی پر کہ نعلین پاک کو مس کرنے کی سعادت حاصل کی والحمد للہ علی ذٰلک

ذی الحجہ کے ابتدائی ایام ۱۲۱۳ھ کے اسمیں لکھا کہ الحمد للہ حق حمدہ وصلی اللہ علی مولانا محمد اشرف خلقہ جو ذکر کیا ہے ہمارے سردار جن کا خاندان اعلی ہے اپنے کاتب کی موجودگی میں جو محمد بن احمد نے نعلین پاک سے برکت حاصل کی۔

احمد بن مہدی، ابن محمد بن العباس البوعزاوی فتح اللہ بصیرتہ انہوں نے نعل پاک کو مس کیا اور اس سے برکت حاصل کی سیدی عبد السلام الطاہری کے گھر میں ۴ ربیع الاول ۱۳۳۴ھ محمد بن رشید عراقی الحسینی ء نے زیارت کی اللہ ان کی مدد کرے آمین ۔ محمد عبد الحیٔ بن عبد الکبیر الکتانی الحسنی الادریسی اللہ ان کی توبہ قبول کرے مذکورہ تاریخ میں زیارت نعل کی سعادت حاصل کی۔ ادریس مکوار اللہ اس پر مہربانی فرمائے محمد بن علال بن عبد السلام الوزانی الحسنی اللہ تعالی اپنے فضل سے اسے اور مسلمان مردوں عورتوں کو نوازے اور ان کے بیٹے محمد بن محمد بن علال الوزانی الحسنی نے مذکورہ تاریخ میں

marfat.com

زیارت کی اللہ اس کی امید کو پورا کرے آمین اور محمد بن محمد رشید عراقی عبد الرب عبد السلام بن محمد الطیب اشرفی اللہ تعالی اسے اور اس کے متعلقین کو دارین میں اور دوسرے مسلمانوں کو اپنے خصوصی لطف سے نوازے اور علی بن الطیب اشرفی اللہ اس پر مہربانی کرے اور محمد بن عبد السلام الطاہری آپ کی مدد کرے اللہ تعالی نے اس تصویر نعل میں لکھنے کی سعادت سے نوازا اور اسے مس کرنے کی سعادت عطا فرمائی ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۵۷ھ میں۔ اور یہ سطریں جو نعل پاک کی تصویر پر لکھی گئی ہیں اصل نعل پاک کے اوپر بھی لکھی گئی ہیں اور اس کی حفاظت کی ہے خادم النعل شریفہ سیدی محمد بن سیدی عبد السلام ابو القاسم بن مسعود الدباغ الحسن الادریسی نے، اللہ تعالیٰ ان کے قلب کو پاک کرے اور اپنے نبی کے صدقے ان کے گناہ معاف فرمائے

اور انکی نقل ۱۳۵۸ھ میں عبد العزیز بن محمد ابو القاسم الدباغ الحسنی نے فرمائی۔

فرمایا شیخ محمد القاودی بن سودہ نے صحیح بخاری کے حاشیہ میں، نبی کریم ﷺ کے پیالہ سے پینے کے باب صفحہ ۳۷ میں ''اپنی حقارت اور کمزوری کے باوجود اللہ نے مجھ پر احسان فرمایا میں نے نعل پاک کا ایک پاؤں دیکھا اپنے چہرے پر لگایا آنکھوں پر لگایا'' بارہویں صدی کے آخر میں، اور یہ نعل پاک عدوہ اندلس میں دار اشراف الطاہرین میں تھا جو کہ وادی مصمورہ کے قریب ہے وہاں ان کے جد اعلی صاحب النعال معروف ہیں

اور سلطان مولانا اسماعیل نے ان سے نعل پاک زبردستی لینا چاہا تو اس نے ایک دے دیا اور دوسرا پیر چھپا دیا اسی وجہ سے وہ کسی کو بتاتے نہ تھے حالانکہ وہ نعل پاک انکے

marfat.com

پاس بہت بڑے محترم مکان میں ایک صندوق کے اندر محفوظ تھا میں نے اس پر صرف ایک عالم کی تحریر دیکھی اور میں نے اس پر لکھ دیا تھا و للہ الحمد و له المنة ان کے الفاظ مکمل ہوئے عالم جس کا خط تھا شائد وہ ابوعبداللہ محمد بن احمد المسفلوی الدالائی ہیں جو مشہور علامہ ہیں ربیعہ کے معنی چھوٹا صندوق۔ سیدی محمد بن عبدالسلام جس کے پاس نعل مبارک موجود ہے نے مجھے بتایا کہ ایک نعل پاک جوان کے پاس موجود ہے۔ ایک صندوق میں تھا۔ اور وہ صندوق دو اور صندوقوں میں تھا۔ جس میں نعل پاک تھا۔ وہ تیسرا صندوق تھا۔ ایک چوہا پہلے صندوق میں داخل ہوا اس سے دوسرے میں پھر تیسرے صندوق میں سب کو پھاڑ دیا مگر نعل پاک کو کچھ نہ ہوا۔ یہ حضور ﷺ کے معجزات میں سے ہے۔

ہم کہتے ہیں ہمیں رسول پاک ﷺ کے موئے مبارک اور نعلین پاک پانے کی توفیق اللہ نے عطا فرمائی ہم نہیں جانتے کہ نبی کریم ﷺ کے آثار میں سے کوئی اور شی اسلامی ملکوں میں پائی جاتی ہے یا نہیں۔ اور ہم گمان کرتے ہیں کہ آل عثمان بالاستانہ کے بادشاہوں کے درباران سے خالی نہ ہوں گے۔

الشجرة لمحمدیه والے نے کہا علامہ شیخ جزری رحمۃ اللہ علیہ نے نعل پاک رسول ﷺ کی صفات کو خوب واضح کیا اور صحیح سندوں سے اسے بیان کیا۔ ہم نعل رسول ﷺ کے ذکر کی مناسبت سے جلیل القدر صحابی جریر بن عبداللہ البجلی رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہیں جو بہت طویل القامت تھے ان کے ایک پاؤں کا نعل ایک گز لمبا تھا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ یہ (جریر) اس امت کے یوسف ہیں۔

یہ بحث مکمل کرنے سے قبل، نبوی منبر کے بارے کچھ ذکر کرتے ہیں۔ خلیفہ ہارون

marfat.com

الرشید نے ارادہ کیا تھا کہ منبر شریف موتیوں، سونے اور چاندی سے تیار کروائے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اسے منع کر دیا تھا۔ ابونعیم نے حلیہ میں امام مالک کے حالات زندگی میں اس کا ذکر کیا ہے۔ ہارون الرشید نے امام مالک سے مشورہ حاصل کیا تھا کہ وہ مسجد نبوی شریف کے منبر کو جواہرات، سونے اور چاندی سے تیار کرنا چاہتا ہے۔ آپ نے فرمایا لوگ جواثرِ نبوی کے طور پر اس کا احترام کرتے ہیں اس میں فرق پڑے گا۔

اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وآله وازواجه وذریة وصحابة الطیبین الطاھرین، واجزه عنا افضل ما جزیت نبیا عن قومه ورسولا عن امته واختم لنا بخیر یا ارحم الرحمین وارزقنا العفو والعافیة والنعم الکثیرة الوافیة واجعلنا من الذین لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون۔

ربنا اتنا فی الدنیا حسنة وفی الاخرة حسنه وقنا عذاب النار۔ سبحان ربك رب العزة عما یصفون۔ وسلام علی المرسلین والحمد لله رب اللعالمین۔

marfat.com

جاتے۔

۲۔ بعض صحابہ مثلاً عبدالرحمان بن عوف یا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما (یہ دونوں عشرہ مبشرہ میں سے ہیں) حضورﷺ کی چادر مبارک محفوظ رکھی تھی کہ اسمیں انہیں کفن دیا جائے برکت کیلئے۔

۳۔ بعض صحابہ نے اس پیالے کو محفوظ رکھا جسمیں نبی کریمﷺ نے پانی نوش فرمایا تھا۔اور دوسرے لوگوں کو تبرک کیلئے بھی اس پیالے میں پانی پینے کا موقعہ دیتے۔امام بخاری کا یہ ارشاد گذر چکا ہے کہ میں وہ پیالہ بصرہ میں دیکھا اور اس میں پانی پیا اور عمر بن عبدالعزیز نے سھل بن سعد ک بطور ہبہ طلب کیا تو انہوں نے عمر بن عبدالعزیز کو ہبہ کردیا۔

۴۔ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس قمیض کی حفاظت فرمائی جسے رسول اللہﷺ نے پہنا تھا اور آپکے کچھ بال مبارک اور کچھ ناخن محفوظ کیئے ہوئے محض برکت حاصل کرنے کیلئے حتی کہ اپنے بیٹے کو وصیت فرمائی تھی کہ یہ تینوں اشیاء انکی موت کے بعد ان کے ساتھ دفن کردی جائیں۔

5۔ سیف اللہ حضرت خالد بن ولید اور ابو زمعہ رضی اللہ عنہما رسول اللہﷺ کے کچھ موئے مبارکہ محفوظ کیئے ہوئے تھے اور ام سلیم رضی اللہ عنہا نے رسول اللہﷺ کا پسینہ تبرک کیلئے شیشوں میں محفوظ رکھا ہوا تھا۔

۶۔ کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ نے اس چادر کو محفوظ رکھا ہوا تھا جو چادر انہیں رسول اللہﷺ نے اس وقت عطا کی تھی۔ جب انہوں نے "بانت سعار" والا مشہور قصیدہ پڑھا

marfat.com

تھا اور اس شعر پر پہنچے تھا جس کا ترجمہ ہے۔

یہ رسول ہاشمی روشن مینار ہیں

درحقیقت اللہ کی تلوار ہیں

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے دس ہزار درہم کے عوض وہ چادر خریدنے کی کوشش کی مگر ابی کعبؓ نے فروخت کرنے سے انکار کر دیا۔ اور کہا میں رسول اللہ ﷺ کے اس کپڑے (چادر) پر کسی شی کو ترجیح نہیں دے سکتا۔ پھر کعب کے وصال کے بعد ان کے وارثوں سے بیس ہزار درہم کے عوض امیر معاویہ نے وہ چادر خرید لی۔ یہ وہی چادر تھی جسے خلفاء عید کے موقعہ پر زیب تن کرتے یہ چادر بادشاہ کے پاس رہی حتی کی تاتاری حادثوں میں گم ہوگئی جن کی ابتداء چھ سو ہجری میں ہوئی تھی۔

۷۔ کتاب التراتیب الادار یہ جلد دوم کے آخر میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا نعل مبارک آل ابی ربیعہ المحز ومیین کے پاس تھا۔ ان کی ماں ام کلثوم کے ذریعے سے

marfat.com

الفصل الرابع

ان اسلامی ملکوں کا ذکر جن میں آثار نبویہ میں سے کچھ ہے۔

ا۔ استاذ البتانونی نے اپنی کتاب الرحلۃ الحجازیۃ میں ذکر کیا کہ مسجد اقصیٰ میں رسول اللہ ﷺ کے کچھ موئے مبارک ہیں۔ صخرہ کی مغربی جانب سے خزانۃ الفضیہ میں درابز کے پاس۔

۲۔ بعض آثار سابق آل عثمان کے سلاطین کے رہائش گاہوں میں پائے جاتے ہیں۔ کچھ موئے مبارکہ اور چادر مبارک اور بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ ایسے کچھ آثار قاہرہ میں مسجد سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں پائے جاتے ہیں۔

۳۔ اور ہم نے سنا ہے کہ ترکی کے شہر بوسنہ کی جامع خسرو بک میں نبی کریم ﷺ کی قمیض مبارک کا ایک ٹکڑا اور آپ کے کچھ موئے مبارک پائے جاتے ہیں۔ اور عوام کو رمضان المبارک کی 27ویں شب ان کی زیارت کرائی جاتی ہے۔ (ارجع قول پر یہی رات لیلۃ القدر ہے)

۴۔ اور طرابلس غرب میں جامع طورغود باشا کے بیت الصلوۃ میں نبی کریم ﷺ کے چند موئے مبارکہ شیشے کے شوکیس میں رکھے ہوئے ہیں۔ اور 12 ربیع الاول کو اور 27 رجب، پندرہ شعبان، 27 رمضان کو عام زیارت کرائی جاتی ہے۔ یہ موئے مبارکہ آستانہ سے طرابلس غرب بھیجے گئے تھے۔ طورغود باشا عظیم عثمانی بحری قائد تھا۔ ان لوگوں

marfat.com

میں شامل ہے جنہوں نے اسبانیوں کو طرابلس غرب، تونس، اورالجزیرہ سے جلاوطن کیااور اسلامی احکام کا پابند بنایا طورغور 973ء جزیرہ مالٹا میں قید تھے اور شہادت کی موت پا گئے۔ان کی میت کوطرابلس غرب میں منتقل کیا گیا۔اوراپنے نام پر مشہور مسجد کے جوار میں مدفون ہوئے۔

۵۔ دمشق میں بھی رسول اللہ ﷺ کے کچھ موئے مبارک پائے جاتے ہیں۔ اہل دمشق بہت بڑی محفل منعقد کرتے ہیں۔ مجلہ المصور جو کہ مصر سے شائع ہوتا ہے نے ایک شمارہ میں ایک مقالہ لکھا ہے جسمیں اس موئے مبارکہ کے پاس منعقد ہونے والی محفل کا حال لکھا ہے۔ وہ لکھتا ہے۔

طرف صوفیہ کے مشائخ نے اس ہفتے موئے مبارکہ سے برکت حاصل کرنے کیلئے بہت بڑی محفل کا انعقاد کیا جسمیں معزز شخصیات کی بہت بڑی تعداد نے شمولیت کی۔

مشہور ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دومرتبہ بال منڈائے اور دونوں دفعہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کچھ موئے مبارکہ سرعت کے ساتھ حاصل کئے۔اور صحابہ کرام اپنی اولاد کو وصیت کرتے تھے کہ کچھ موئے مبارکہ ان کے ساتھ دفن کئے جائیں اور بعض کی حفاظت کا کہتے۔ یہ موئے مبارکہ نسل درنسل منتقل ہوتے رہے۔ حتی کہ سلطان عبدالحمید کا دور آ گیا یعنی 1335ھ بہت سے لوگ گمان کر رہے تھے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے موئے مبارکہ کے مالک ہیں۔ بادشاہ مجبور ہو گیا کہ اس معاملہ کی چھان بین کرے۔ چنانچہ سلطان عبدالحمید نے علماء کو بلایا اور ان کے سامنے صورت حال رکھی۔ علماء میں شیخ اسعد الشقیری سید احمد شقیری کے والد موجود تھے انہوں نے اصل اور نقل کا فرق واضح کرنے کیلئے ایک

marfat.com

دقیق طریقہ پیش کیا وہ یہ کہ

تاریخ دان کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا سایہ نہ تھا آپ دھوپ میں ہوں یا چاندنی میں آپ کے جسم نورانی کا زمین پر سایہ نہ پڑتا۔ شیخ شقیری نے کہا رسول اللہ ﷺ کے جسم نورانی کا سایہ بھی نہ تھا۔ لہذا آپ کے موئے مبارکہ کا بھی سایہ نہ ہوگا۔ اس طرح اصل اور نقل کا فرق واضح ہو گیا۔ جن لوگوں کے پاس اصل موئے مبارکہ تھے انہیں اسناد دی گئیں۔ دمشق کے موئے مبارکہ جو اصل نکلے امام سعد الدین کو دے دیئے گئے اور کچھ موئے مبارکہ شیخ مولوی جلال الدین رومی کو دیئے گئے۔

عید میلاد النبی ﷺ اور معراج نبی ﷺ 15 شعبان لیلۃ القدر اور دوسری عیدوں کے موقعہ پر ہر سال موئے مبارکہ سے برکت حاصل کرنے کیلئے محفل کا انعقاد ہوتا۔

اس ہفتے زاویہ سعدیہ نے موئے مبارکہ کے پاس بہت بڑی محفل کا انعقاد کیا۔ پورے خشوع، جلال اور وقار کے ساتھ، جب کہ موئے مبارکہ عنبر جامد میں لپٹا ہوا تھا۔ اور شیشے کے کور میں رکھا ہوا تھا۔ جسمیں کستوری اور بخور رتھا۔ اور شیشے کا کور مخملی ملبوسات میں بند تھا۔ جن پر کچھ قرآنی آیات لکھی ہوئی تھیں جب شیشہ کھولا جاتا تو خاندان جو اسکی حفاظت کا شرف حاصل کر رہا ہوتا اس خاندان کے افراد میں سے بڑا آدمی اسے اپنے ہاتھوں میں اٹھائے رکھتا اور کسی کو نہ دیتا بلکہ اسکے ہاتھ میں رہتا تا کہ لوگ برکت حاصل کریں۔

لوگ بڑی تعداد میں جمع ہو جاتے۔ اشعار دینیہ اور صلوٰت ابراہیمیہ پڑھے جاتے اور قرآن پاک کی تلاوت جاری رہتی۔ حتیٰ کہ موے مبارکہ اپنی جگہ واپس رکھ دیے جاتے اور موئے مبارکہ سے برکت حاصل کرنے والے شخص کے لئے ادب واحترام کی

marfat.com

غرض سے ضروری ہوتا کہ زیارت کے لئے داہنی طرف سے آئے اور شیشی کا بوسہ لینے کے بعد مختصر دعا کرے اور بائیں طرف چلا جائے تاکہ دوسرے کے لئے جگہ خالی ہوجائے، عاجزانہ فضا میں جلال و وقار طاری ہوتا اور اللہ کی طرف پورے خلوص کے ساتھ رجوع ہوتا نبوی اشعار اور دینی اشعار پر محفل اختمام پزیر ہوجاتی۔ (یہ ہے مجلہ المصور کی رپوٹ)

ہم کہتے ہیں کہ ہمیں افسوس ہے کہ ہمیں آستانہ کی (جو کہ خلافت اسلامیہ کا دار الحکومت ہے) کی زیارت نہ ہوسکی۔ جہاں ایسے آثار ہیں جو اسلامی ممالک میں کہیں بھی نہیں۔ مجھے اب معلوم نہیں کہ ان آثار کی صورت حال کیا ہے جب کہ ۱۳۳۴ھ میں پہلی جنگ عظیم کے بعد خلافت ختم ہوچکی ہے

سوال: آثار نبیویہ اور اسلامی ورثہ کہاں چلے گئے ہوں گئے؟

جواب: جنگوں اور فتنوں کے سبب بہت سے ضائع ہوگئے ہیں۔ جنگی مصائب کی بڑی مصیبت یہ ہوتی ہے کہ آثار اور قومی ورثے کی اشیاء ضائع ہوجاتی ہیں جیسا کہ سب کو معلوم ہے مدینہ منورہ کے گھروں میں سے ایک گھر میں حضور ﷺ کے موئے مبارک تھے ہم نے ان کی زیارت ۱۳۳۸ھ میں کی اب ان کا وجود نہیں ہمیں معلوم نہیں کہ وہ کہاں گئے۔

لیکن مدینہ شریف میں شیخ علی بن ابی بکر ابو الجود الحمیدانی الانصاری کے گھر سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا کمان موجود ہے جس کا طول ۱۲۰ سینٹی میٹر اور عرض ۴۳ سینٹی میٹر ہے اس کمان کی ہم نے زیارت کی مزکورہ گھر میں ۱۳۷۶ھ کو اور شیخ مشکور نے ہمیں بتایا

marfat.com

کہ یہ کمان ان کے جد اول ابوایوب انصاریؓ کے پاس تھا پھر ان کی بڑی اولاد میں بطور ورا ثت منتقل ہوتا رہا حتی کہ شیخ علی ابوالجود الانصاری تک پہنچا۔ یہ ہمیں علم ہوا (واللہ اعلم) جو آثار دوسرے اسلامی ملکوں میں پائے جاتے ہیں ان کے متعلق اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

marfat.com

الفصل الخامس

رسول اللہ ﷺ کے پاؤں، سر اور ہاتھوں کا بوسہ لے کر صحابہ کرام کا برکت حاصل کرنا

جیسا کہ تاریخی طور پر ثابت ہے پہلے عربوں کی عادات خوبصورت، تقالید متوارثہ اور اخلاق حمیدہ تھے ان میں باہمی الفت وعزت ومحبت، کرم اور سخاوت۔ عہد وپیمان کی حفاظت، پائی جاتی تھی اور نخوت کمینگی اور ذلت سے وہ ہمشہ پرہیز کرتے تھے اور ان کی عادات میں سے یہ بھی تھا کہ وہ کسی کے ہاتھ پاؤں یا سر کا بوسہ نہیں لیتے تھے۔ بلکہ بعض تو اپنے چھوٹے بچوں کا بوسہ لینے سے بھی انکاری تھے۔ صحیح بخاری میں، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی اعرابی نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو اس نے کہا؟ آپ لوگ بچوں کا بوسہ لیتے ہیں ہم تو نہیں لیتے تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر اللہ نے تیرے دل سے رحمت کو چھین لیا تو میں تمہارے لیے کیا کر سکتا ہوں پھر اسے سمجھایا کہ بچوں کا بوسہ دلوں کی نرمی اور اس رحمت کی وجہ سے ہوتا جو اللہ تعالیٰ نے ماں باپ کے قلوب میں رکھ دیا ہے اسی وجہ سے ہاتھ، پاؤں، سر اور ناک کا بوسہ لینے کے وہ عادی نہ تھے

جب اللہ تعالی نے رسول ہدایت وسلام کو جمیع انام کی طرف بھیجا اور لوگوں نے آپ میں صدق وامانت، خلق عظیم اور استقامت کو دیکھا اور آپ کی دعوت میں تہذیب قلوب اور ترقیق قلوب، چھوٹوں بڑوں کے لیے انسانی رحمت، اُنس اور شفقت ومحبت ومہربانی دیکھی تو غیرت کی نگاہیں اور فطرت سلیمہ رکھنے والے لوگوں نے آپ کی دعوت کو قبول کر لیا اور اسلام کے رنگ میں رنگے گئے اور یہی اللہ کا رنگ ہے۔ وہ لوگ آپ ﷺ سے

marfat.com

اپنی جان ومال، اولاد اور گھر والوں سے زیادہ شدت کی محبت کرنے لگے۔ وہ ایسی محبت کیوں نہ کرتے جب کہ اللہ نے آپ کو سب کے لئے رحمت بنا کر بھیجا تا کہ آپ ﷺ لوگوں کو اندھیروں سے نور کی طرف لے آئیں۔

لہذا وہ لوگ آپ سے بے پناہ محبت کرتے اور اس محبت اور آپ کی اطاعت اور اتباع کے ذریعے اللہ کا قرب تلاش کرتے۔ اور آپ کے ہر قول و فعل سے قرب خدا حاصل کرتے اور طمانیت اور سکون محسوس کرتے۔ اور آپ کے آثار کی تعظیم سے دلوں کی راحت پاتے اور آثار میں خیر و برکت کے متلاشی ہوتے بعض آپ کے سر مبارک کا بوسہ لیتے بعض آپ کے ہاتھوں کا بوسہ لیتے اور بعض قدموں کا بوسہ لیتے بعض آپ کے پسینے کو عطر کی جگہ استعمال کرتے اور بعض آپ کے وضو کے مطاہر پانی کو اپنے چہروں پر مل لیتے بعض آپ کے موئے مبارک، کپڑے اور برتن محفوظ کر لیتے ان کے علاوہ دیگر اشیاء جیسا کہ ہم نے گزشتہ فصلوں میں ذکر کیا ہے

جب اللہ کی نشانیون کی تعظیم دلوں کے تقوٰی کی وجہ سے ہے جیسا کہ صورۃ الحج میں ارشاد باری ہے (تو رسول ﷺ کی تعظیم آپ کے آثار کی تعظیم اور ان سے خیر و برکت حاصل کرنا بلاشبہ تقوی اور صلاح کے اجل مظاہر میں سے ہوگی)

ہاتھوں وغیرہ کا بوسہ لینا مشروع اور جائز ہے اس پر دلیل وہ واقعہ ہے جو رسول ﷺ کے ساتھ پیش آیا اور آپ نے عملاً اس کی تائید کر دی تفسیر امام ابن کثیر میں زیر آیت (اے ایمان والو جب کفار سے تمہارا مقابلہ ہو تو ان سے پشت نہ پھیرنا) یہ روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے سرایا میں سے ایک سریہ (جماعت

marfat.com

مجاہدین) کے اندر میں بھی تھا کچھ لوگ جنگ سے بھاگ نکلے ان میں میں بھی شامل تھا پھر ہم، نے سوچا ہم کیا کریں جب کہ ہم جنگ سے بھاگ آئے ہیں اور ہم غضب کے مستحق ہو چکے ہیں۔ پھر ہم نے کہا کہ اگر ہم مدینہ شریف میں چلے جائیں رات گزاریں پھر ہم اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کر دیں ۔ اگر ہماری توبہ قبول ہو گئی تو بہت اچھا وگرنہ ہم چلے آئین گے۔ ہم نماز فجر سے پہلے پہنچے آپ ﷺ باہر تشریف لائے پوچھا کون لوگ ہیں؟ ہم نے کہا ہم فرار ہونے والے ہیں فرمایا نہیں تم پلٹ کر حملہ کر نے والے ہو، میں تم سے ہوں اور میں مسلمانوں کا سربراہ ہوں ۔ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے قریب ہوئے اور آپ ﷺ کے ہاتھوں کو چوما۔

ابن کثیر کہتے ہیں، ابوداؤد۔ ترمذی ۔ اور ابن ماجہ نے یزید بن زیاد سے یوں ہی روایت کی ہے

ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن ہے مگر ہمیں ابن ابی زیاد کے علاوہ کسی اور ذریعہ سے معلوم نہ ہوئی۔ ابن ابی حاتم نے یزید بن ابی زیاد سے یہ روایت کیا ہے اس کے آخر میں یہ زائد ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی (او متحیزًا الی فئۃٍ) اہل علم کہتے ہیں" العکارون" سے مراد "العرافون" ہیں یعنی پلٹ کر آنے والے۔۔ انتھٰی

محدث شہیر امام عزیزی جامع صغیر پر اپنی شرح میں زیر حدیث (بے شک تجھ میں دو خصلتیں ہیں جن سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہے حلم اور اناۃ) روایت کیا اس کو مسلم اور ترمذی نے۔ اناۃ (کسرہ اور فتحہ کے ساتھ) اس کا معنی ہے تثبت اور عدم عجلت اس حدیث کا سبب وہ ہے جو ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔ فرمایا اس دوران کہ رسول اللہ

marfat.com

ﷺ اپنے اصحاب سے گفتگو فرما رہے تھے اچانک فرمایا تمہارے اوپر عنقریب سوار ظاہر ہونگے جو اہل مشرق سے بہتر ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور ان کی طرف متوجہ ہوئے تو آپ نے ۱۳ سوار دیکھے : پوچھا کون لوگ ہو؟ انہوں جواب دیا بنی عبد القیس سے فرمایا تم اس علاقہ میں صرف تجارت کے لئے آئے ہو گئے۔ انہوں نے کہا نہیں تو آپ نے کہا نبی کریم ﷺ نے تمہارا ذکر خیر کیا ہے پھر ان کے ساتھ چل پڑے ۔ یہاں تک کہ وہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آ گئے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا یہ تمہارے صاحب ہیں جن کے ارادے سے تم آئے ہو۔ لوگ جلد سواریوں سے نیچے اترے کچھ آپ کی طرف چلے، کچھ تیز چلے اور کچھ دوڑے حتی کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آ گئے انہوں نے حضور علیہ الاسلام کی طرف جلدی کی اور سفری لباس ہی پہنا ہوا تھا آپ کے ہاتھ مبارک کو انہوں نے پکڑا اور بوسہ لیا۔

اور الاشج پیچھے رہ گیا جو کہ سب سے چھوٹا تھا اس نے اونٹنی کو بٹھایا اور قوم کا سامان جمع کیا اور رسول اللہ ﷺ اسے دیکھ رہے تھے۔ اس نے اپنے کپڑوں میں سے دو سفید کپڑے نکالے انہیں پہنا اور آرام سے چلتا ہوا آیا یہاں تک کہ آپ کی خدمت میں آ کر آپ کے ہاتھ کا بوسہ لیا یہ آدمی دمیم تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے اس کی دمامت کو دیکھا تو اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ آدمی کو ضرورت ہے کہ اس کا دل اور زبان پر قابو ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے الاشج تجھ میں دو خصلتیں ہیں جنہیں اللہ اور اس کا رسول پسند کرتے ہیں حلم اور اناۃ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ صفات میں نے اپنے اندر پیدا کی ہیں یا اللہ نے مجھے بطور جبلت کے عطا کی ہیں فرمایا اللہ نے ان خصلتوں پر

marfat.com

تیری جبلت پیدا کی ہے اس نے کہا الحمدلله الذی جبلنی علیٰ خصلتین یحبهما الله ورسوله۔۔

روایت ہے کہ جب الاشج نبی کریم ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے اسے قریب کیا اور اپنے پہلو میں بٹھایا پھر نبی کریم ﷺ نے کہا کیا اپنے بارے اور اپنی قوم کے بارے بیعت کرتے ہو قوم نے کہا جی ہاں الاشج نے کہا یارسول اللہ ﷺ آپ آدمی پر ایسی شئے پیش کر رہے ہیں جو اس کے دین سے زیادہ سخت ہے۔ آپ ہمارے بارے بیعت لے لیں اور جن کو دعوت دینی ہے انہیں چھوڑ دیں تو جو ہماری پیروی کرے گا وہ ہم میں سے ہوگا اور جو انکار کرے گا ہم اس سے جنگ کریں گے آپ نے فرمایا صَدقتَ تجھ میں دو خصلتیں ہیں الخ۔

قاضی ایاز کہتے ہیں اناۃ کا مطلب مصالح میں دیکھنے کے لئے انتظار کرنا اور جلد بازی نہ کرنا اور حلم یہ اس کا قول ہے جو اس کی عقل کی صحت پر اور نظر میں عواقب کے لئے جودت پر دال ہے عزیزی علی الجامع الصغیر کا بیان مکمل ہوا

امام ابن کثیر کی تفسیر میں زیر آیت ۔۔(یا ایها الذین امنو لا تسئلو عن اشیاء) ابن جریر نے بھی کہا کہ ہم میں سے حدیث بیان کی حارث نے ان سے عبدالعزیز نے ان سے قیس نے انہوں نے ابو حصین سے انہوں نے ابو صالح سے انہوں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نکلے رسول اللہ ﷺ اس حال میں کہ غضب ناک تھے۔ چہرہ سرخ تھا حتیٰ کہ ممبر پر بیٹھ گئے ایک آدمی آپکی طرف کھڑا ہو گیا اور کہا کہ میرا باپ کہاں ہے؟ فرمایا جہنم میں۔ دوسرا کھڑا ہوا پوچھا میرا باپ کون ہے؟ فرمایا تیرا باپ حذافہ ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی

marfat.com

اللہ تعالی عنہ اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا

ہم اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر، محمد ﷺ کے نبی ہونے پر اور قرآن کے امام ہونے پر راضی ہیں یا رسول اللہ ﷺ ہمارا جاہلیت اور شرک سے تعلق تھوڑا عرصہ ہو اٹوٹا ہے اللہ بہتر جانتا ہے کہ ہمارے باپ دادا کون تھے۔ حضور علیہ السلام کا غضب ٹھنڈا ہو ااور یہ آیت نازل ہوئی (یاا یھا الذین ا منو لا تسئلو)

"اے ایمان والو نہ سوال کرو ایسی اشیاء کے بارے میں کہ اگر تم پر ظاہر کی جائیں تو تمہیں بری لگیں" (اس حدیث کی سند نہایت عمدہ ہے)

یہ قصہ بہت سے سلف نے مرسل طور پر ذکر کیا ہے۔ ان میں سے سدی کی اولاد بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن غضب ناک حالت میں خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا مجھ سے سوال کرلو جو سوال کروگے تمہیں بتاؤں گا بنی سہم قبیلے کا ایک قریشی کھڑا ہوا اسے عبداللہ بن حذافہ کہا جاتا تھا۔ اور اس کے بارے اس پر طعن کیا جاتا تھا اسنے کہا یا رسول ﷺ میرا باپ کون ہے فرمایا تیرا باپ فلاں ہے آپ نے اس کے باپ کا نام بتایا۔۔ عمر بن خطاب کھڑے ہوگئے آپ کے پاؤں کا بوسہ لیا اور کہا یا رسول اللہ ﷺ رضینا بـا اللہ رباً و بالاسلام دیناً وَبِلك نبیاً وَبالقرآن اماماً ہمیں معافی دیں اللہ نے آپ کو معاف کردیا ہوا ہے یہ کہتے رہے حتیٰ کہ آپ ﷺ راضی ہوگئے اسی دن فرمایا تھا بچہ اس کا ہوگا جس کا نکاح ہے زانی کیلئے پتھر انتھیٰ

الاصابہ فی تمییز الصحابہ میں ہے امام حجر عسقلانی نے طلحہ بن براء انصاری کے حالات بیان کرتے ہوئے کہا کہ جب ان کی ملاقات نبی کریم ﷺ سے ہوئی تو وہ اس

marfat.com

وقت بچے تھے آپ کے قریب ہوتے گئے آپ سے چمٹ گئے، آپ کے پاؤں چومتے ہوئے کہہ رہے تھے یارسول اللہ ﷺ جو پسند ہو مجھے حکم دیں میں کبھی آپ کی نافرمانی نہ کروں گا رسول اللہ ﷺ خوش ہو گئے اور آپ کو اچھا لگا پھر وہ بیمار ہوئے اور فوت ہو گئے آپ نے ان کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی اور یوں ان کیلئے دعا کی اے اللہ طلحہ سے ملنا اس حال میں تو اس سے راضی ہو اور وہ تجھ سے راضی ہو (انتھی) ملخصا

اسی طرح کتاب الاستیعاب فی اسماء الاصحاب میں امام محدث قرطبی نے بیان فرمایا اور کتاب الاصابہ میں ابو بزہ مکی مخزومی کے حالات بیان کرتے ہوئے جو بیان کیا اس کا خلاصہ یہ ہے ہم سے حدیث بیان کی احمد بن ابی بزہ نے وہ محمد بن قاسم بن ابو بزہ کے بیٹے ہیں وہ کہتے ہیں مجھ سے میرے باپ نے ان سے میرے دادا نے انہوں نے ابو بزہ سے روایت کی کہ میں اپنے غلام عبداللہ بن سائب کے ساتھ بارگاہ رسول ﷺ میں حاضر ہوا میں نے آپ کے ہاتھ، سر اور پاؤں کا بوسہ لیا کتاب مذکور کا مصنف کہتا ہے ابو بکر بن مقری نے ہاتھ کا بوسہ لینے کی اجازت والی جلد میں ابوالشیخ سے روایت کی اور ابو موسیٰ نے اسے مستدرک قرار دیا۔ سواد بن غزیہ نے جو رسول پاک ﷺ کے بطن مبارک کا بوسہ لیا تھا اس کا ذکر، میں نے اس رسالہ کے خطبہ میں کر دیا ہے دوبارہ مطالعہ کرلو

مبارک ہے وہ جس نے مس کیا اور بوسہ لیا جسم رسول ﷺ کے کسی بھی حصہ کا اور کس قدر خوش نصیب ہے جس نے آپ کا دیدار کیا

اس رسالہ کا مؤلف کہتا ہے یہ وہ بیان ہے جسکی ہمیں توفیق دی گئی قابل اعتماد کتب میں سے جن میں وارد ہے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ مبارک، یا سر مبارک یا پاؤں مبارک کو

marfat.com

چومنے کا دوسری کتب میں بھی یہ چیزیں مذکور ہیں ہم نے بنظر اختصار ان کا ذکر نہیں کیا بعض کتب ایسی ہیں جنمیں والدیں علماء اور صالحین کے ہاتھوں کو چومنے کا جواز بیان کیا گیا ہے جو آدمی مذکورہ صحیح روایات اور ادلہ کا مطالعہ کرنے کے باوجود انکار کرے تو اسکی یہ بہت بڑی غلطی ہے انصاف پسند عاقل کیلئے ہمارا بیان کافی ہے

و اللّٰہ تعالی ھو الھادی الی سواء السبیل و ھو حسبی ونعم الوکیل وصلی اللّٰہ علی سیدنا ونبینا محمد وآلہ وصحبہ وسلم تسلیما کثیرا والحمد للّٰہ رب العالمین

اس مسئلہ میں میں نے کچھ ابیات کہے ہیں (جن کا اردو ترجمہ مترجم کی طرف سے پیش خدمت ہے)

جب ہم عزت والے والدین کو دیکھیں
ہم جب علماء عاملین کو دیکھیں

جب ہم اولیاء کاملین کو دیکھیں
امراء اور حکماء عادلین کو دیکھیں

ہم کھڑے ہوں بہرے قیام
ان سے ملیں بلطف واکرام

پھر بوسہ لیں ان کے ہاتھوں کا
سر پاؤں اور انکی ذاتوں کا

یہ ہے انکی تکریم اور رب کی تقدیر
اعمال کی بنا ہے زندہ ضمیر

اس عمل سے ہے مقصود ہمارا
راضی ہو ہم پر رب غفور ہمارا

وہ ہیں رتبہ کمال میں
سمجھ انکو، ہو جا رجال میں

انبیاء کی منزل ہے سب سے عالی
جو نہ مانے وہ ہے غالی

ان پر صلوٰت اور سلام ہو
جب تک دنیا میں اسلام ہو

marfat.com

گر ہم انکی ایڑیاں چومیں
اسمیں ہے محبت رسول کی
رضا رب کی ہے مطلوب ہمارا
اللہ کی قوت کا ٹھکانہ نہیں
وہ عزیز ہے وہ رحیم ہے
اسکے سوا کوئی معبود نہیں

گر ہم انکے پاؤں چومیں
تو نہ سن بات کسی فضول کی
شرک نہیں مقصود ہمارا
جو نہ مانے وہ سیانہ نہیں
وہ معبود ہے وہ کریم ہے
اسکو کے سوا کوئی موجود نہیں

جو ردیات صحیحہ ہم نے صحابہ کرام کے رسول اللہ ﷺ کے دست یا سر یا آپ کے پاؤں چومنے کے بارے ذکر کی ہیں انسے ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ عمل جائز ہے کیونکہ رسول کریم ﷺ نے اس سے انکار نہ فرمایا اور نہ ہی اس سے منع فرمایا گویا کہ یہی آپ کا اقرار اور تقریر ہے اور تقریر مشروعیت اور جواز کی دلیل ہوتی ہے

شرعا جواز کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ اکثر صحابہ سے واقع نہ ہوا اور نہ ہی ان میں یہ عمل اس طرح پھیلا کہ انکی عادت بن گیا ہو ملاقات کے کے وقت وہ رسول کریم ﷺ کو وہ تحیۃ اور سلام کرتے بوسہ لینے کا ذکر کم ملتا ہے سلام و تحیت کے موقع پر تقبیل (بوسہ) کے مشہور نہ ہونے میں راز عام سلام کے موقع پر بوسہ کے شائع اور عادت نہ ہونے کا راز دو ستونوں پر مبنی ہے

پہلا ۔ رسول اللہ ﷺ بہت تواضع ، شدید حیا ، تمام اخلاق عادات اور اطوار میں باد شاہوں سے مختلف تھے ۔ بادشاہوں کی عادات اپنے آپ کو بڑا سمجھنے اور تکبر پر مبنی ہوتی ہیں جبکہ رسول اللہ ﷺ کو لوگوں کا ہادی ، خیر کا معلم داعی الی اللہ اور فضائل اور مکارم اخلاق کا

marfat.com

داعی بنا کر بھیجا گیا

دوسرا۔عربوں کی جبلت ابتداء سے ناک عزت اور جسمیں نفس کی ذلت ہواس سے انکار پر مبنی تھی اسی لئے انکے درمیان قدیم زمانہ سے ہاتھ یا پاؤں یا سر کا بوسہ لیناان کے تحیت میں متعارف نہ تھااور نہ ہی انکے ہاں یہ عمل مانوس اور مالوف تھا۔ ہاں بادشاہوں اور جابر لوگوں کے تحیت میں معروف تھا

رسول اللہ ﷺ ناپسند کرتے تھے کہ مسلمانوں کی جماعت میں وہ عادات پائی جائیں جن میں طغیان اور جبروت کا اظہار ہو جیسا کہ آپ ناپسند کرتے تھے کہ مسلمانوں کے درمیان اہل کتاب کی عادات اور رسوم پھیل جائیں کیونکہ وہ جہالت اور اندھے پن کی علامات ہیں اسی لئے آپ نے بہت سے مقامات پر عجمیوں کی عادات سے دور رہنے پر مسلمانوں کو ابھارا اور اہل کتاب کی بدعات سے پرہیز کرنے پر ابھارا خاص طور پر اہل کتاب کے خصائص اور انکے طرق متوارثہ سے

یہ اسلئے کہ امت مسلمہ جو کہ خیر امم ہے جسے لوگوں کیلئے ظاہر کیا گیا تا کہ یہ امت خالص اسلامی طریقوں پر چلے اور عجمیوں اور جاہل کتابیوں کے غلط طریقوں اور عادات سے محفوظ رہے اس امت کیلئے اللہ نے اسلام کو بطور دین پسند فرمایا شریعت اور منہاج خاص عطا کر کے اس امت کو مختص کیا اور اس امت کی طرف افضل الخلق رسول کو ہادی، معلم اور مرشد بنا کر بھیجا

لہذا آپ ﷺ اپنی امت کیلئے انکی عادات عامہ کو انکی عادات عامہ بنانے سے انکاری ہیں اس کے باوجود بعض حالات میں ہاتھ پاؤں یا سر کا بوسہ لینے سے انکار نہیں

marfat.com

کرتے اور وہ حالات یہ تھے کہ خطرے سے امن تھا اور ضرر کا خوف نہ تھا کیوں نہ ہو بوسہ لینے والا صحابی محب رسول ہے جو اپنی جان اولاد مال اور اہل وعیال سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیار کرتا ہے سید الخلق کے ہاتھ پاؤں یا سر کا بوسہ لینے میں اسے کچھ ذلت اور توہین کا خوف نہیں کیونکہ یہ اس ذات کے اعضاء ہیں جسے اللہ نے عالمین پر فضیلت عطا کی اور تمام امت کو جسکی برکت سے ہدائت عطا فرمائی اور قیامت تک اس کیلئے سعادت اور کامیابی کے راستے لکھ دیئے

بلکہ وہ بوسہ لینے میں آرام اور سکون پاتا ہے اپنے قلب میں طمانیت اور سکون محسوس کرتا ہے اور اپنے رب کی اطاعت اور قربت محسوس کرتا ہے اور اسے باعث برکت اور دنیا اور آخرت میں ذخیرہ سمجھتا ہے اور جس کے ہاتھ پاؤں کا وہ بوسہ لے رہا ہے وہ رسول خدا ایسا کریم ہے اللہ تعالیٰ نے جس کی شان میں فرمایا وانك لعلى خلق عظيم آپ خلق عظیم پر ہیں اور ہمیں آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے آپ ساری مخلوق سے حلم، سخاوت ، رافت، رحمت، شفقت اور محبت میں بڑے ہیں آپ میں دنیادار بادشاہوں جیسا تکبر اور غرور نہیں یہ صحابہ کرام جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پاؤں یا سر مبارک کا بوسہ لینے کا شرف حاصل کیا اگر انہیں کہا جاتا کہ کسی دنیادار بادشاہ یا قیصر کا ہاتھ، پاؤں چومیں اور بدلے میں انہیں زمین بھری ہوئی سونے کی دے دی جائیگی یا کسی عذاب سے ڈرا کر کہا جاتا بوسہ لے لو تو کبھی کسی قیصر یا کسری کے ہاتھ پاؤں کا بوسہ نہ لیتے لیکن انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ، پاؤں کا بوسہ دل کی محبت اور نفوس کی رضا مندی سے لیا آپ کے ہاتھ پاؤں یا سر مبارک سے برکت حاصل کرنے کیلئے یہ حق ہے

marfat.com

کہ ہر مسلمان کی قیامت تک یہ آرزو رہے گی کہ میں ان لوگوں میں سے ہو جاؤں جن کی نیکیاں آگے جا چکی ہیں پس اس نے رسول اللہ ﷺ سے صحبت اور قرب کا شرف حاصل کر لیا ہے اور آپ کے مبارک قدموں ہاتھوں یا سر مبارک کا بوسہ لیا ہے۔ یہ نعمت عظمیٰ، منقبت کبریٰ، سعادت دائمہ ہے جو صحابہ کرام کو حاصل ہوئی انکے حال کو عام لوگوں کے حال پر قیاس کرنا بہت بڑی غلطی ہے اللہ ہمیں صحیح سمجھ عطا فرمائے اپنے کرم اور احسان کے ساتھ۔

marfat.com

الفصل السادس

قرآن پاک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کا جو بیان ہوا

قرآن پاک میں آپ کی فضیلت اور شان میں متعدد سورتیں نازل کی گئی ہیں مثلا سورۃ انفال ،توبہ، اسراء ، احزاب، محمد، فتح، حجرات، النجم، القلم، الضحیٰ، الم نشرح، الکوثر، وغیرھا

ہم اس جگہ جو سورۃ الم نشرح میں آیا اس کی کچھ شرح کرتے ہیں یعنی اللہ کا اپنے رسول پر احسان آپ کا ذکر بلند کرکے اور عظیم فضل بیان کرتے ہوئے اللہ نے فرمایا الم نشرح لك صدرك ووضعنا عنك وزرك الذی انقض ظهرك ورفعنا لك ذكرك

۱۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو بلند کیا آپکی شان کو عظیم کہا، آپکے اسم مبارک کو قرآن حکیم میں رکھا جسکی تلاوت تمام مسلمان مرد اور عورت کررہے ھیں آپ کے اسم مبارک کو شعائر اسلام میں رکھا یہ کافی ہے فخر وشرف کیلئے اور اولین آخرین میں ذکر حسن کیلئے

۲۔ اللہ تعالیٰ نے آذان میں آپکی رسالت کی شہادت کو توحید کی شہادت کے ساتھ ملا کر آپ کے ذکر کو بلند کیا یہ آذان دن رات میناروں وغیرہ پر تمام عالم اسلام میں بلند ہوتی ہے اور یہ شہادت ہر فرض اور سنت نماز کی تشہد میں ادا کی جاتی ہے

۳۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی ثنا اور مدح ان الفاظ کے ساتھ فرمائی وانك لعلیٰ خلق

marfat.com

عظیم اس کے بعد آپ کو تمام مدح کرنے والوں سے بے نیاز کر دیا

۴۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی جان کی حفاظت اپنے ذمے لی اور فرمایا واللہ یعصمک من الناس لہذا کوئی آپ کا دشمن آپ کو قتل نہ کر سکا

۵۔ اللہ تعالیٰ نے تمام اھل ایمان کو آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا مطلق امر کیا کسی حال اور کسی وقت کیساتھ مقید نہیں فرمایا یا یھا الذین امنوا صلوا علیه و سلموا تسلیما

۶۔ اللہ تعالیٰ کو رسول کریم ﷺ کے ساتھ جو محبت اور شدید پیار ہے اسی کی وجہ سے وہ فرماتا ہے والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ ما ودعك ربك وما قلیٰ وللآخرة خیرلك من الاولیٰ ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ الیٰ آخرالآیة

ترجمہ۔ چہرہ محبوب کی قسم زلف عنبرین کی قسم جب وہ چھا جائے آپ کے رب نے نہ آپ کو چھوڑا نہ ہی ناپسند کیا آنے والی گھڑی پہلی سے آپ کیلئے بہتر ہے اور عنقریب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے اور فرمایا انا اعطیناك الكوثر بے شک ہم نے آپ کو کوثر دے دیا

۷۔ اللہ نے آپ کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا اور دونوں کو ملا دیا ارفرمایا کہ جو رسول کا مطیع ہوا وہ درحقیقت میرا مطیع ہو گیا اور فرمایا جو اللہ اور اس کے رسول کا مطیع ہوا اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کر لی

۸۔ آپ کے لئے سر تسلیم خم کرنے کو واجب قرار دیا ۔ اور آپ کے حکم پر راضی ہونا ضروری قرار دیا۔ جو ایسا نہ کرے اس سے ایمان کی نفی کر دی۔ فرمایا فلا و ربك لا یوئمنون ۔ الیٰ آخرہ ۔۔ آپ کے رب کی قسم وہ مومن نہ ہوں گے یہاں تک کہ

marfat.com

آپ کو حاکم تسلیم نہ کریں آپس کے جگڑوں میں پھر نہ پائیں اپنے دلوں میں تنگی اور خوب مطیع ہو جائیں

۹۔ آپ کا مرتبہ جو بارگاہ خدا میں ہے اس کی وجہ سے آپ کی استغفار گنہگاروں کے حق میں قبول کر کے آپ کی فضیلت کو ظاہر فرمایا ۔۔ ارشاد فرمایا ۔ ولو انهم اذظلموا انفسهم ۔ الی آخره ۔ اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں اور وہ آپ کے پاس آ جائیں اور اللہ سے معافی مانگیں اور رسول ﷺ ان کی سفارش کریں تحقیق پائیں گے اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان

۱۰ آپ کے فیصلہ کو قبول کرنے کا وجوب اور آپ کی نافرمانی کو حرام قرار دے کر آپ کی شان کو ظاہر فرمایا ہے ارشاد فرمایا (وما كان لمئومن ولا مومنة اذاقضى الله) الی آخره جب اللہ اور اس کے رسول کسی امر کا فیصلہ کر دیں تو کسی ایمان دار مرد اور عورت کے لئے کچھ اختیار باقی نہیں رہتا۔ جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے وہ دور کی گمراہی میں جا پڑا۔

۱۱ تمام انبیاء پر آپ کو فضیلت دی اور آپ کے بارے انبیاء سے میثاق لیا ۔ اور تنبیہ فرمائی کہ ان کی امتیں اس نبی پر ایمان لائیں آپ کی تصدیق کریں اور آپ کی نصرت کریں ۔ اور فرمایا (واذاخذالله ميثاق النبين) الی آخره اور یاد کرو جب اللہ نے نبیوں سے پختہ عہد لیا جب میں تمہیں کتاب وحکمت دے دوں پھر تمہارے پاس رسول آ جائے تصدیق کرنے والے اس کی جو تمہارے پاس ہے تم نے ضرور بضرور اس پر

marfat.com

ایمان لانا ہے اور ضرور اس کی مدد کرنا۔ فرمایا تم نے اقرار کیا اور اس پر تم نے میری ذمہ داری بھی پکڑلی۔ انہوں نے کہا ہم نے اقرار کیا فرمایا گواہ ہو جاؤ میں تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔ اس آیت کریمہ سے اللہ تعالٰی نے تمام رسولوں کی امامت کا جھنڈ آپ کے ظاہری وجود سے پہلے عالم اکوان میں قائم کر دیا پس آپ انبیا کے قائد اور اولاد آدم کے سردار ہیں۔

۱۲۔ آپکی تعظیم وتوقیر اور حرمت کی رعائت کو واجب قرار دیا ہے اور فرمایا (یا ایھا الذین امنو اذا ناجیتم الرسول) الی آخرہ ۔ اے ایمان والو جب رسول ﷺ سے سرگوشی کرنا چاہو تو پہلے صدقہ کر دو یہ بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے اگر صدقہ نہ پاؤ تو اللہ پاک بخشنے والا مہربان ہے۔

۱۳۔ آپ کو اور آپ کی امت کو تمام امتوں پر فضیلت دے کر آپ کی شان کو بلند کیا اور فرمایا وکذالك جعلنا کم امة وسطاً الی آخرہ اور اسی طرح ہم نے تمہیں بہتر امت بنایا تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ اور رسول تم پر گواہ ہوں۔

۱۴۔ آپ کے دین کو فضیلت دے کر آپ کی بزرگی کو ظاہر کیا۔ فرمایا (ان الدین عند لا للّٰه الاسلام) بے شک اللہ کے نزدیک دین اسلام ہے۔ اور فرمایا (ومن یبتغ غیر السلام دینا) جو اسلام کے سوا کوئی دین تلاش کرے قبول نہ ہوگا اور آخرت میں خاسرین میں سے ہوگا ۔

۱۵۔ بیت المقدس کی جگہ کعبہ کی طرف پھرنا چاہتے تھے اللہ نے آپ کی رضا کے مطابق فیصلہ دیتے ہوئے فرمایا (قد نریٰ تقلب وجھك) الی آخرہ ۔ ہم دیکھتے ہیں آپ کے چہرے کا آسمان کی طرف پلٹنا ہم آپ کا قبلہ بنا دیں گے جسے آپ پسند کریں گے تو

marfat.com

اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف پھیر لیں

۱۶۔ آپ پر نبوت کا سلسلہ مکمل کر کے ختم کر دیا فرمایا (ما کا ن محمدُ اباا حدِ) الی آخرہ ۔ اور نہیں ہیں محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ لیکن اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں

۱۷۔ یہ واضح فرمایا کہ یہ نبی مؤمنین پر بہت مہربان اور ان کی جانوں سے زیادہ نافع ہے ۔ اور اس نبی کی ازواج مطہرات تعظیم اور توقیر اور حرمت میں مؤمنین کی مائیں ہیں فرمایا (النبی اولی بالمئومنین من انفسھم) الی آخرہ ۔ نبی مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ ان کے قریب ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں ۔

۱۸ جس فعل سے آپ کو ایذا ہوتی ہو یا جسے آپ پسند نہ کریں اسے حرام قرار دے دیا جو بیویاں آپ کے وصال کے بعد زندہ ہوں ان سے نکاح کو امت کے لئے حرام قرار دے دیا ۔ فرمایا (وما کان لکم ان توذو رسول اللہ) الی آخرہ

۱۹ ۔ یا ایھا الذین ا منوا لا تد خلو ا الی آخرہ اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر یہ کہ تمہیں اجازت دی جائے کھانے کی اس حال میں کہ آپ کے برتنوں کو نہ دیکھ رہے ہو۔ لیکن جب تمہیں دعوت دی جائے تو داخل ہو اور جب کھانا کھا لو تو منتشر ہو جاؤ باتوں سے انس پکڑنے والے نہ ہو ۔ یہ عمل نبی کو ایذا دیتا ہے وہ تم سے حیاء فرماتے ہیں ۔ اللہ حق سے حیاء نہیں فرماتا ۔ اس میں آپ کی عظمت وشان کا بیان ہے

۲۰۔ آپ کی تعظیم وتوقیر کو فرض قرار دیتے ہوئے آپ کو عام انداز میں خطاب کرنے سے منع فرمادیا ارشاد فرمایا (لا تجعلوا دعاء الرسول) الی آخرہ ۔ رسول کو نہ پکارو جیسا

marfat.com

ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔اور رسول سے آگے بڑھنے کی بھی ممانعت فرمادی فرمایا (یا ایھا الذین امنوا لا تقدموا) الی آخرہ آپ کی آواز سے آواز بلند کرنے کی سختی سے ممانعت فرمائی ارشاد فرمایا (یاایھا الذین امنوا لاترفعوا اصواتکم) الی اخرہ۔ اے ایمان والو اپنی آوازیں نبی کی آواز پر بلند نہ کرو اور آپ کو ایسے بلند آواز سے نہ پکارو جیسا ایک دوسرے کو پکارتے ہو کہیں تمہارے اعمال ضبط ہو جائیں اور تمہیں شعور نہ ہو بے شک جو لوگ اپنی آوازیں رسول اللہ کے پاس پست رکھتے ہیں ان کے قلوب کا اللہ نے امتحان لے لیا ہے تقوی کے لئے ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔ بے شک جو آپ کو حجرات کے باہر سے پکارتے ان میں سے اکثر بے عقل ہیں اگر صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ان کی طرف نکلتے تو یہ ان کے لئے بہتر تھا اللہ غفور الرحیم ہے۔

